اَلنَّحْوُ فِی الْکَلَامِ کَالْمِلْحِ فِی الطَّعَامِ

فی حل عربیۃ بلوغ المرام

(کتاب الطهارة)

مرتب

جاوید اقبال سیالکوٹی

نظرِ ثانی

حافظ عبد المنان نورپوری حفظہ اللہ

اَلنَّحْوُ فِی الْکَلَامِ کَالْمِلْحِ فِی الطَّعَامِ

تنویر الافہام

فی حل عربیۃ بلوغ المرام

(کتاب الطہارۃ)

مرتب
جاوید اقبال سیالکوٹی

نظرِ ثانی
حافظ عبدالمنان نورپوری حفظہ اللہ

مکتبۃ الکتاب
Maktaba-Tul-Kitaab
فاروق مارکیٹ، حق سٹریٹ
اُردو بازار، لاہور۔ 0321-4210145

نام کتاب : تنویر الافہام فی حل عربیۃ بلوغ المرام

مرتب : جاوید اقبال سیالکوٹی

نظرِ ثانی : حافظ عبدالمنان نور پوری حفظہ اللہ

ناشر : مکتبۃ الکتاب، لاہور

اہتمام : محمد رمضان محمدی، عبدالرؤف

تابع : عرفان افضل پریس، لاہور

ملنے کے پتے

1۔ **جامعہ محمدیہ** سلیم پورہ، ملکے کلاں، سیالکوٹ

2۔ **قاری محمد رفیق محمدی** المہد العالی، مرکز مریدکے، لاہور

3۔ **اسلامی اکادمی**، الفضل مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور

4۔ **نعمانی کتب خانہ**، حق سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور

5۔ **مکتبہ اسلامیہ**، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور

6۔ **مکتبہ سلفیہ**، شیش محل روڈ، لاہور

7۔ **مکتبہ قدوسیہ**، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور

8۔ **کتاب سرائے**، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور

9۔ **دار الفرقان**، الفضل مارکیٹ اُردو بازار، لاہور

10۔ **فضلی بک سپر مارکیٹ**، اُردو بازار، نزد ریڈیو پاکستان، کراچی

11۔ **مکتبہ اسلامیہ**، بیرون امین پور بازار، کوتوالی روڈ، فیصل آباد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست

کتاب الطھار

❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋

مُقَدِّمَہ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْم. اَمَّا بَعْدُ!

کتاب وسنت کی زبان خالص عربی ہے اور اسلام کے جملہ احکام بھی عربی میں نازل ہوئے ہیں لہٰذا کتاب وسنت کی براہِ راست تفہیم حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ عربی زبان سیکھی جائے اور عربی سیکھنے کے لیے صرف ونحو کا سیکھنا لازمی ہے ورنہ اس کے بغیر اس زبان کے سیکھنے کا تصور بھی ناممکن اور محال ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ شخص جو عربوں میں عمر کا ایک طویل حصہ گزارتا ہے اسے ضروریاتِ زندگی کی اشیاء کے میں نام تو یاد ہو جاتے ہیں لیکن وہ اصل زبان سے ناواقف ہی رہتا ہے۔

صرف ونحو عربی گرائمر کا نام ہے جس کے ذریعے اصل زبان پڑھنے، لکھنے اور سمجھنے کی مہارت اور لیاقت پیدا ہوتی ہے۔ انسان جس قدر عربی گرائمر سے واقف ہوتا ہے اور اس کے استعمال میں ماہر ہوتا ہے، اسی قدر وہ اس زبان کے سمجھنے پر قدرت اور لیاقت رکھتا ہے۔ گویا کہ صرف ونحو کو عربیت سمجھنے میں بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ اگر اس کے بغیر کوئی زبان سمجھنے کی کوشش کرتا ہے تو وہ محض وقت برباد کرتا ہے اور مقصد کے حصول میں بے نیل ومرام رہتا ہے۔

بلوغ المرام درس نظامی میں حدیث کی ابتدائی اور بڑی اہم کتاب ہے جس کے پڑھنے سے طالب علم میں عربی عبارت پڑھنے اور سمجھنے کی استعداد پیدا ہو جاتی ہے بلوغ المرام پڑھتے وقت چونکہ طالب علم کا گرائمر کے ساتھ تعلق ابھی اتنا

پختہ نہیں ہوا ہوتا کہ وہ آسانی کے ساتھ اس کتاب کو سمجھ سکے۔ اللہ تعالیٰ مولانا جاوید اقبال سیالکوٹی کو جزائے خیر عطا فرمائے انہوں نے طلباء کی اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے اس کی ترکیب کو ضبط تحریر کیا ہے تاکہ طالب علم میں ابتدا سے ہی عبارت پڑھنے اور سمجھنے کی استعداد پیدا ہو جائے

"**تنویر الأفهام**" محض بلوغ المرام کی چند احادیث کی ترکیب ہی نہیں بلکہ یہ عربی قواعد وانشا کا ایک مجموعہ بھی ہے تحریر و تفہیم کا انداز بالکل سہل ہے جسے، گرائمر سے معمولی دلچسپی رکھنے والا بھی آسانی کے ساتھ سمجھ لیتا ہے۔ اور پھر اسی پر بس نہیں بلکہ اس قدر ترکیب کے اصول و قواعد یاد کر لینے اور سمجھ لینے اور ان کے استعمال میں مہارت ہو جانے کے بعد طالب علم عربی زبان میں لکھی ہوئی کسی بھی کتاب کو پڑھنے کی اپنے میں استعداد پائے گا اور بآسانی اپنے مقصد تک پہنچ جائے گا۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مولانا کی اس کاوش کو اہل علم اور طلباء کے لیے نافع بنائے اور مؤلف کے لیے صدقہ جاریہ بنائے اور اجر عظیم سے نوازے۔

کتبہ

ابوانس محمد یحییٰ گوندلوی

مدیر جامعہ تعلیم القرآن والحدیث ساہووالہ سیالکوٹ

۱۳ شوال المکرّم ۱۴۲۳ھ

فون نمبر: 0432-510090

موبائل: 0300-612642_1

☆......☆......☆

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى نِعَمِهِ الظَّاهِرَةِ وَالْبَاطِنَةِ قَدِيْمًا وَّحَدِيْثًا:

ترکیب:۔ اَلْحَمْدُ مبتدا لام جار، لفظ اَللّٰه مجرور جار مجرور مل کر متعلق ثَابِتٌ کے۔ عَلٰی حرف جار، نِعَمِ مضاف ہ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر موصوف اَلظَّاهِرَةِ معطوف علیہ، واو عاطفہ، اَلْبَاطِنَةِ معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر ذوالحال قَدِيْمًا معطوف علیہ واو عاطفہ حَدِيْثًا معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر صفت موصوف صفت مل کر عَلٰی جار کا مجرور، جار مجرور مل متعلق ثابت کے۔ ثَابِتٌ اسم فاعل کا صیغہ اپنے دونوں متعلقوں سے مل کر اَلْحَمْدُ کی خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ لَفْظًا۔ جملہ اسمیہ انشائیہ معناً۔

فائدہ:۔ نِعَمٌ جمع نِعْمَةٌ کی ہے۔ اگر کوئی اعتراض کرے کہ نعم جمع ہے اور اس کی صفت واحد آئی ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ جمع غیر عاقل کی صفت واحد مؤنث آ جاتی ہے۔ اور یہاں پر بھی نعم جمع غیر عاقل ہے۔ اس لیے اس کی صفت واحد مؤنث آئی ہے۔

☆......☆......☆

وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى نَبِيِّهِ وَرَسُوْلِهِ مُحَمَّدٍ وَاٰلِهِ وَصَحْبِهِ الَّذِيْنَ سَارُوْا فِيْ نُصْرَةِ دِيْنِهِ سَيْرًا حَثِيْثًا وَعَلٰى أَتْبَاعِهِمُ الَّذِيْنَ وَرِثُوْا عِلْمَهُمْ.

ترکیب:۔ واو عاطفہ اَلصَّلَاةُ معطوف علیہ واو عاطفہ اَلسَّلَامُ معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مبتدا۔

عَلٰی جار نَبِيِّ مضاف ہ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف علیہ واو حرف عطف رَسُوْلِ مضاف ہ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف

الیہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مبدل مِنْہُ لفظ مُحَمَّدٍ بدل، مبدل منہ بدل مل کر معطوف علیہ، واو عاطفہ اٰلِ مضاف ہٖ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف اول، واو عاطفہ، صَحْبِ مضاف ہٖ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر موصوف۔ اَلَّذِیْنَ موصول سَارُوا فعل فاعل فِیْ جار، نُصْرَۃِ مضاف، دِیْنِ مضاف ہٖ مضاف الیہ دِیْنِ اپنے مضاف الیہ سے مل کر نُصْرَۃِ کا مضاف الیہ نُصْرَۃِ اپنے مضاف الیہ سے مل کر فِیْ جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق سَارُوا کے۔

سَیْرًا موصوف، حَثِیْثًا صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر سَارَوا کا مفعول مطلق۔ سَارَوا فعل اپنے فاعل اور مفعول اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوکر اَلَّذِیْنَ کا صلہ۔ موصول صلہ مل کر صفت، موصوف صفت مل کر معطوف ثانی معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں سے مل کر عَلٰی جار کا مجرور، جار مجرور مل کر معطوف علیہ۔ واو عاطفہ عَلٰی حرف جار، أَتْبَاعِ مضاف ھِمْ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر موصوف۔ اَلَّذِیْنَ اسم موصول وَرِثُوْا فعل فاعل عِلْمَ مضاف ھُمْ مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ مل کر وَرِثَوا کا مفعول وَرِثَ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوکر اَلَّذِیْنَ کا صلہ موصول صلہ مل کر صفت۔ موصوف صفت مل کر عَلٰی کا جار مجرور۔ جار مجرور مل کر معطوف۔ معطوف علیہ معطوف مل کر متعلق نازلان کے نازلان اسم فاعل کا صیغہ اپنے متعلق سے مل کر خبر الصلوٰۃ والسلام مبتدا کی مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ معناً اسمیہ خبر یہ لفظاً۔

فائدہ: صَحْبٌ جمع صَاحِبٌ کی ہے۔ مُحَمّدٌ اسم مفعول کا صیغہ ہے۔ باب تفعیل سے۔ دِیْنٌ مصدر باب دَانَ یَدِیْنُ (ض) ہفت اقسام سے

اجوف یائی۔ سَیراً مصدر باب سَارَ یَسِیرُ (ض) ہفت اقسام سے اجوف یائی۔

☆......☆......☆

وَالْعُلَمَاءُ وَرَثَةُ الْأَنْبِيَاءِ أَكْرِمْ بِهِمْ وَارِثًا وَمَوْرُوثًا.

ترکیب:۔ واو عاطفہ اَلْعُلَمَاءُ مبتدا۔ وَرَثَةُ مضاف الأَنْبِيَاءِ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ، أَكْرِمْ فعل تعجب باز ائدہ هِمْ ممیز، وَارِثًا معطوف علیہ، واو عاطفہ مَوْرُوثًا معطوف، معطوف علیہ معطوف مل کر تمیز۔ ممیز تمیز مل کر فاعل أَكْرِمْ کا۔ أَكْرِمْ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

فائدہ:۔ اَلْعُلَمَاءُ جمع عَلِيمٌ کی ہے۔
وَرَثَةٌ جمع وَارِثٌ کی ہے۔

☆......☆......☆

أَمَّا بَعْدُ فَهٰذَا مُخْتَصَرٌ يَشْتَمِلُ عَلَى أُصُوْلِ الْأَدِلَّةِ الْحَدِيْثِيَّةِ لِلْأَحْكَامِ الشَّرْعِيَّةِ.

ترکیب:۔ أَمَّا بَعْدُ یہ قائم مقام ہے مهما يكن من شئى بعد الحمد والصلاة کے۔

مَهْمَا اسم شرط يَكُنْ فعل تامہ مِنْ زائدہ شَيْءٍ اس کا فاعل بَعْدُ مضاف اَلْحَمْدِ معطوف علیہ، واو عاطفہ الصلاۃ معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر بَعْدَ کا مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ سے مل کر يَكُنْ کی ظرف۔ يَكُنْ فعل تامہ اپنے فاعل اور ظرف سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط۔ اس کی ایک اور بھی ترکیب ہو سکتی ہے مهما اسم شرط يَكُنْ فعل ناقص، مِنْ زائدہ شَيْءٌ اس کا اسم بَعْدَ اَلْحَمْدِ وَالصَّلَاةَ ثَابِتًا کی ظرف بن کر يَكُنْ کی خبر۔

يَكُنْ فعل ناقص اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط۔ فا جزائیہ هٰذَا مبتدا۔ مُخْتَصَرٌ موصوف يَشْتَمِلُ فعل با فاعل عَلٰى جار أُصُوْلِ مضاف الأَدِلَّةِ موصوف الْحَدِيْثِيَّةِ صفت۔

موصوف صفت مل کر أُصُوْلِ کا مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ مل کر موصوف، لام جارہ الأَحْكَامِ موصوف الشَّرْعِيَّةِ صفت، موصوف صفت مل کر لام جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق اَلْكَائِنَةِ کے۔ اسم فاعل اپنے متعلق سے مل کر صفت موصوف صفت مل کر عَلٰى جار کا مجرور جار مجرور مل کر متعلق يَشْتَمِلُ کے۔

يَشْتَمِلُ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مُخْتَصَرٌ کی صفت موصوف صفت مل کر هٰذَا کی خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ بن کر جزا۔ شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ۔

فائدہ:۔ أَدِلَّةٌ جمع دَلِيْلٌ کی ہے أُصُوْلٌ جمع أَصْلٌ کی۔ اَحْكَامٌ جمع حکم کی۔ قَبْلُ اور بَعْدُ یہ دونوں مبنی برضم ہوتے ہیں لیکن ان دونوں کے مبنی برضم ہونے کی شرط یہ ہے کہ ان کا مضاف الیہ محذوف ہو مگر ذہن میں موجود ہو۔ ﴿ لِلّٰهِ الْأَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ ﴾ [یعنی من قبل کل شيءٍ و من بعد کل شیءٍ] اس میں مضاف الیہ کل شئی حذف کردیا ہے۔ لیکن ذہن میں موجود و مقصود ہے۔ یہ مضاف الیہ کی طرف محتاج ہونے کی وجہ سے حرف کے مشابہ ہیں۔ (کیونکہ حروف بھی اسم و فعل کے محتاج ہوتے ہیں) لہٰذا مبنی ہے مبنی علی الضم اس لیے ہے کہ جب اس کا مضاف الیہ لفظوں میں حذف ہوگا۔ تو اس میں کمزوری آ گئی تو کمزوری کو دور کرنے کے لیے اس کو سب سے ثقیل حرکت دی۔ اور اگر ان کا مضاف الیہ لفظ سے محذوف ہو اور ذہن میں بالکل موجود نہ ہو تو یہ معرب ہوں گے۔ جیسے (رُبَّ بَعدٍ کانَ خَیراً مِنْ قَبْلٍ) (بہت سے بعد

پہلے سے بہتر ہوتے ہیں) اور اگر ان کا مضاف الیہ لفظوں میں موجود ہو تو پھر بھی یہ معرب ہوں گے۔ مثلاً جِئْتُ قَبْلَ زَيْدٍ وبعدَ عمرٍو.

☆......☆......☆

حَرَّرْتُهُ تَحْرِيْرًا بَالِغًا لِيَصِيْرَ مَنْ يَحْفَظُهُ مِنْ بَيْنِ أَقْرَانِهِ نَابِغًا.

ترکیب :۔ حَرَّرْتُ فعل فاعل ہ مفعول بہ۔ تَحْرِيْرًا موصوف بَالِغًا صفت موصوف صفت مل کر حَرَّرْتُ کا مفعول مطلق۔ لام کَی يَصِيْرُ فعل ناقص مَنْ موصولہ يَحْفَظُهُ فعل فاعل ہ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مَنْ کا صلۃ، موصول صلہ مل کر يَصِيْر کا اسم مِنْ حرف جار بَيْنِ مضاف أَقْرَان مضاف ہ مضاف الیہ۔ أَقْرَان مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر بَيْنِ کا مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مِنْ جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق نَابِغًا کے نَابِغًا اپنے متعلق سے مل کر يَصِيْرَ کی خبر۔ يَصِيْرَ فعل ناقص اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَنَّ کی وجہ سے (جو لام کی کے بعد پوشیدہ ہے) مصدر کی تاویل میں ہو کر لام جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق حَرَّرْتُ کے حَرَّرْتُ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول مطلق اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فائدہ :۔ اَقْرَانٌ جمع قِرْنٌ۔ نَابِغًا اسم فاعل باب (ض۔ن۔ف)

وَيَسْتَعِيْنَ بِهِ الطَّالِبُ الْمُبْتَدِئُ وَلَا يَسْتَغْنِيْ عَنْهُ الرَّاغِبُ الْمُنْتَهِيْ.

ترکیب :۔ واو عاطفہ يَسْتَعِيْنَ فعل با جارہ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق يَسْتَعِيْنَ کے الطالب موصوف الْمُبْتَدِئْ صفت۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر يَسْتَعِيْنَ کا فاعل فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ اس جملہ کا

عطف یَصِیْرَ پر ہے۔ اگلی ترکیب بھی بالکل اسی طرح ہے۔

فائدہ :۔ یَسْتَعِیْنَ فعل مضارع باب اِسْتَعَانَ یَسْتَعِیْنُ ہفت اقسام اجوف واوی۔ المبتدی اسم فاعل باب اِبْتَدَا یَبْتَدِیْ افتعال ہفت اقسام مھموز اللام۔

☆......☆......☆

وقد بَيَّنتُ عَقِبَ كُلِّ حَدِيثٍ مَنْ أَخْرَجَهُ مِنَ الأَئِمَّةِ لِإِرَادَةِ نُصْحِ الْأُمَّةِ.

ترکیب :۔ واو عاطفہ قَدْ حرف تحقیق بَیَّنْتُ فعل فاعل عَقِبَ مضاف کُلِّ مضاف حدیث مضاف الیہ۔ کُلِّ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر عَقِبَ کا مضاف الیہ، عَقِبَ اپنے مضاف الیہ سے مل کر بَیَّنْتُ کا مفعول فیہ۔ مَنْ أَخْرَجَهُ مِنْ الأَئِمَّةِ کی ترکیب کئی طریقوں سے ہوسکتی ہے۔

(۱) مَنْ اسم موصول أَخْرَجَ فعل فاعل ہٗ مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ موصول مل کر ذوالحال۔ مِنْ حرف جار الائِمَّةِ مجرور جار مجرور مل کر متعلق کَائِنًا کے اسم فاعل کا صیغہ اپنے متعلق سے مل کر حال۔ ذوالحال حال مل کر بَیَّنْتُ کا مفعول بہ۔

(۲) مَنْ اسم موصول أَخْرَجَ فعل اس میں ھُوَ ضمیر پوشیدہ ذوالحال ہٗ مفعول اَخْرَجَ کا مِنَ الْأَئِمَّةِ متعلق کَائِناً کے ہوکر حال۔ ذوالحال حال مل کر اَخْرَجَ کا فاعل۔ اَخْرَجَ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ بن کر صلہ موصول صلہ مل کر بَیَّنْتُ کا مفعول بہ۔

(۳) مَنْ موصوفہ أَخْرَجَهٗ جملہ بن کر صفت اول، مِنْ الْأَئِمَّة، متعلق کَائِناً کے ہوکر صفت ثانی۔ موصوف اپنی دونوں صفتوں سے مل کر بَیَّنْتُ کا مفعول بہ۔

لام جار إِرَادَةِ مضاف نُصْحِ مضاف الأُمَّةِ مضاف الیہ نُصْحِ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر إِرَادَةِ کا مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر لام جار کا مجرور۔ جار کا مجرور مل کر متعلق بَيَّنْتُ کے بَيَّنْتُ فعل اپنے فاعل اور دو مفعولوں اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فائدہ :...... عَقِبَ مصدر لیکن اس مقام پر ظرف ہے۔ باب عَقَبَ ، يَعْقُبُ . الأئِمَّةُ جمع اِمَامٌ کی . اِرَادَةٌ مصدر باب اَرَادَ يُرِيْدُ (افعال) ہفت اقسام سے اجوف واوی۔

☆......☆......☆

فَالْمُرَادُ بِالسَّبْعَةِ أَحْمَدُ وَالْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَآئِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَة.

ترکیب :...... فا تفسیریہ اَلْمُرَادُ اسم مفعول کا صیغہ با جار سَبْعَةٍ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق اَلْمُرَادُ کے۔ اَلْمُرَادُ اسم مفعول کا صیغہ اپنے متعلق سے مل کر مبتدا۔

اَحْمَدُ معطوف علیہ، واو عاطفہ اَلْبُخَارِیُّ معطوف اول واو عاطفہ مُسْلِمٌ معطوف ثانی واو عاطفہ أَبُو مضاف دَاوُدَ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ سے مل کر معطوف ثالث، واو عاطفہ النَّسَائِیُّ معطوف رابع واو عاطفہ، التِّرمِذِیُّ معطوف خامس واو عاطفہ اِبْنُ مضاف مَاجَة مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ مل کر معطوف سادس معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے مل کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

☆......☆......☆

وَبِالسِّتَّةِ مَنْ عَدَا اَحْمَدَ وبالخمسةِ مَنْ عَدَا الْبُخَارِيَّ ومسلمًا.

ترکیب :...... واو عاطفہ با جار سِتَّة مجرور جار مجرور مل کر متعلق محذوف

الْـمُرَادُ کے، الْـمُرَادُ سم مفعول اپنے متعلق سے مل کر مبتدا۔ مَنْ اسم موصول عَدَا فعل فاعل أَحْـمَدَ مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ۔ موصول صلہ مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

واو عاطفہ بالـخَمْسَةِ جار مجرور متعلق محذوف الْمُرَادُ کے ہوکر مبتدا۔ مَنْ موصولہ عَدَا فعل فاعل۔ الْبُخَارِیَّ معطوف علیہ واو عاطفہ مُسْـلِمًا معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر عَـدَا کا مفعول۔ عَـدَا فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ۔ موصول صلہ مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

☆...... ☆...... ☆

وَقَدْ أَقُولُ الأَرْبَعَةُ وَاحمَدُ وبالأَرْبَعَةِ مَنْ عَدَا الثَّلاثَةَ الْأُوَلَ.

ترکیب :...... واو عاطفہ، قَدْ حرف تقلیل۔ أَقُولُ فعل فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ بن کر قول۔ الْأَرْبَـعَةُ معطوف علیہ، واو عاطفہ، أَحْـمَـدُ معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر أَخْـرَجَـهُ فعل پوشیدہ کا فاعل۔ اَخْـرَجَ فعل اپنے فاعل اور ہ مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بن کر مقولہ۔ قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ واو عاطفہ با لاَرْبَعَةِ جار مجرور متعلق محذوف اَلْمُرَادُ کے ہوکر مبتدا۔ مَنْ اسم موصول عَدَا فعل فاعل الثَّـلاثَةَ موصوف الاُوَلَ صفت موصوف صفت مل کر عَـدَا کا مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بن کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

☆...... ☆...... ☆

وَبِالثَّـلاثَةِ مَنْ عَدَاهُمْ وَالْأَخِيْرَ وبِالْمُتَّفَقِ البخارِيُّ وَ مُسْلِمٌ.

ترکیب :...... واو عاطفہ با جار الثَّـلاثَةِ مجرور جار مجرور مل کر متعلق

محذوف اَلْـمُرَادُ کے ہوکر مبتدا مَنْ اسم موصول عَدَا فعل فاعل هُمْ معطوف علیہ۔ واو عاطفہ اَلأَخِيْرَ معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر عَدَا کا مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مَنْ کا صلہ۔ موصول صلہ مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واو عاطفہ با جار اَلْـمُتَّفَقِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق محذوف اَلْمُرَادُ کے ہوکر مبتدا اَلْبُخَارِيُّ معطوف علیہ، واو عاطفہ، مُسْلِمٌ معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فائدہ :...... مُتَّفَقٌ اسم مفعول کا صیغہ۔ باب اِتَّفَقَ يَتَّفِقُ ہفت اقسام سے مثال واوی۔

☆...... ☆...... ☆

وَقَدْ لَا أَذْكُرُ مَعَهُمَا غَيْرَهُمَا وَمَا عَدَا ذٰلِكَ فَهُوَ مُبَيَّنٌ.

ترکیب :

(۱) واو عاطفہ قَدْ حرف تقلیل لَا أَذْكُرُ فعل فاعل مَعَ مضاف هُمَا مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول اول غَيْرَ مضاف هُمَا مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول ثانی فعل اپنے فاعل اور دو مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

(۲) واو عاطفہ مَا اسم موصول عَدَا فعل فاعل ذٰلِكَ مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ موصول صلہ ہوکر مبتدا فا جزائیہ (اس لیے کہ مبتدا میں شرط کا معنی پایا جاتا ہے) هُوَ مبتدا مُبَيَّنٌ خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر پہلے مبتدا کی خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فائدہ :...... عَدَا۔ فعل ماضی معلوم باب عَدَا یَعْدُوْ از باب نَصَرَ ہفت اقسام سے ناقص واوی۔ مُبَیَّنٌ اسم مفعول باب تفعیل۔ ہفت اقسام اجوف یائی۔

☆...... ☆...... ☆

وَسَمَّيْتُهُ بُلُوغَ الْمَرَامِ مِنْ أَدِلَّةِ الْأَحْكَامِ.

ترکیب :...... واو عاطفہ سَمَّيْتُ فعل فاعل ہٗ مفعول اول بُلُوْغُ مصدر مضاف اَلْمَرَامِ مضاف الیہ مِنْ جار أَدِلَّةِ مضاف الاَحْکَامِ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مِنْ جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق بُلُوْغُ کے۔ بُلُوْغُ مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر سَمَّيْتُ کا مفعول ثانی۔ سَمَّيْتُ فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فائدہ :...... بلوغ مصدر۔ باب بَلَغَ يَبْلُغُ (ن)
اَلْمَرَامِ مصدر میمی باب رَامَ یرُوْمُ (ن) اجوف واوی۔
ادلة جمع دلیل کی۔

☆...... ☆...... ☆

واللّٰهَ أَسْأَلُ أَنْ لَّا يَجْعَلَ مَا عَلِمْنَاهُ عَلَيْنَا وَبَالاً وَ أَنْ يَرْزُقَنَا الْعَمَلَ بِمَا يَرْضَاهُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى.

ترکیب :

(۱) واو عاطفہ، لفظ اللہ مفعول مقدم أَسْأَلُ کا أَسْأَلُ فعل فاعل أَنْ مصدریہ لَا يَجْعَلَ فعل فاعل، مَا موصولہ، عَلِم فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ موصول صلہ مل کر مفعول اوّل۔ عَلٰی جار نَا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق لَا يَجْعَلَ کے۔ وَبَالاً مفعول ثانی۔ يَجْعَلَ فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں اور متعلق سے

مل کر جملہ فعلیہ بن کر أَنْ کی وجہ سے مصدر کی تاویل میں ہو کر معطوف علیہ۔ واو عاطفہ أَن مصدر یہ، یَـرْزُقَ فعل فاعل نا مفعول اول الـعَـمَلَ مصدر بَا جار مَا موصولہ یَرْضَی فعل فاعل ہ مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہو کر صلہ موصول صلہ مل کر بَا جار کا مجرور، جار مجرور مل کر متعلق الْـعَمَلَ کے۔ الْـعَمَلَ مصدر اپنے متعلق سے مل کر یَرْزُقَ کا مفعول ثانی۔ یَرْزُقَ فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہو کر أَنْ کی وجہ سے مصدر کی تاویل میں ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ معطوف مل کر اَسْـــأَلُ کا مفعول ثانی۔ فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ۔

(۲) سُبْحَانَ مصدر مضاف ہ ذوالحال تَعَالٰی فعل فاعل مل کر جملہ بن کر حال ذوالحال حال مل کر سُبْحَانَ کا مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر فعل محذوف اُسَبِّحُ کا مفعول مطلق فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ۔ لفظاً انشائیہ معنیً۔

فائدہ:...... یَرْضٰی فعل مضارع معلوم باب رَضِیَ یَرْضٰی ناقص واوی۔

سُبْحَانَ اسم مصدر باب تفعیل تَعَالٰی۔ فعل ماضی باب تَعَالٰی یَتَعَالٰی (تفاعل) ہفت اقسام ناقص واوی۔

هَذَا مَا عِنْدِي وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِالصَّوَابِ

کتاب الطھارۃ ...... باب المیاہ

حدیث نمبر:۱

عن ابی ھریرۃ رضی اللّٰہ عنہ قال قال رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلم فی البحر ھو الطھور ماءہ والحل میتتہ. اخرجہ الاربعۃ وابن ابی شیبۃ واللفظ لہ وصححہ ابن خزیمۃ والترمذی ورواہ مالک والشافعی واحمد.

ترکیب:

(۱) کِتَابُ مضاف، الطَّھَارَۃِ مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ مل کر ھٰذَا محذوف مبتدا کی خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔ بَابُ مضاف اَلمِیَاہ مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ مل کر ھٰذَا محذوف مبتدا کی خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

(۲) عَنْ حرف جار اَبِی مضاف ھُرَیْرَۃَ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر عَنْ جار کا مجرور، جار مجرور مل کر متعلق فعل محذوف رُوِیَ کے رَضِیَ فعل لفظ اللّٰہُ ذوالحال تَعَالٰی فعل فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ بن کر حال۔ ذوالحال حال سے مل کر رَضِیَ کا فاعل عَنْ جارہٗ مجرور جار مجرور مل کر متعلق رَضِیَ کے۔ رَضِیَ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معترضہ۔

قَالَ فعل فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول اول،

قَالَ فعل، رَسُولُ مضاف لفظ اللّٰہِ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر قَالَ کا فاعل، فِي جَارِ البَحْرِ مجرور، جار مجرور مل کر متعلق قَالَ کے قَالَ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ بن کر قول ثانی۔ صَلّٰی فعل لفظ اللّٰہُ ذوالحال تَعَالٰی فعل فاعل مل کر جملہ بن کر حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل صَلّٰی کا۔ عَلٰی حرف جارہ مجرور، جار مجرور مل کر متعلق صَلّٰی کے۔ صَلّٰی فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معترضہ، واو عاطفہ سَلَّمَ فعل فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ۔ اس کا عطف ہے لِيْ پر۔ هُوَ مبتدا الطَّهُورُ صفت کا صیغہ مَاؤُ مضاف ہٗ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر الطَّهُور کا فاعل۔ الطَّهُور اپنے فاعل سے مل کر معطوف علیہ۔ واو عاطفہ الْحِلُّ مصدر مَيْتَتُهُ مضاف ہٗ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر الْحِلُّ کا فاعل۔ مصدر اپنے فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ معطوف مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر قول کا مقولہ، قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بن کر پہلے قول کا مقولہ۔ قول مقولہ مل کر رُوِی کا نائب فاعل۔ رُوِی فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

(۳) اَخْـرَجَ فعل ہٗ مفعول مقدم الأَرْبَعَةُ معطوف علیہ، واو عاطفہ ابْنُ مضاف اَبِي مضاف شَيْبَةَ مضاف الیہ ابی مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ابْنُ کا مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ سے مل کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر اَخْرَجَ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ واو عاطفہ اللَّفْظُ مبتدا۔ لہٗ متعلق ثَابِتٌ کے ہو کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ واو عاطفہ صَحَّحَ فعل ہٗ مفعول مقدم ابْنُ مضاف خُزَيْمَةَ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر

معطوف علیہ، واو عاطفہ التِّـــرْمِذِیُّ معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر صَـــحَّـــحَ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ۔ واو عاطفہ رَوٰی فعل ہٗ مفعول مقدم مَـالِكٌ معطوف علیہ واو عاطفہ الشَّافِعِیُّ معطوف اول۔ واو عاطفہ احمد معطوف ثانی۔ معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں سے مل کر رُوِیَ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ۔

فائدہ :...... طَھُورٌ۔ اگر طَھُورٌ فتح کے ساتھ پڑھے تو پھر صفت کا صیغہ ہوگا طُھُـــــور۔ پڑھے ضم کے ساتھ پھر یہ مصدر کا صیغہ ہوگا۔ (نیل الاوطار) کتاب مصدر ہے باب کَتَب یَکْتُبُ۔ ہفت اقسام سے صحیح۔ طَھَارَۃٌ اسم مصدر ہے۔ باب طَھَّـرَ یُـطَھِّرُ تَطْھِیرًا (تفعیل) مِیَاہ جمع ہے مَاءٌ کی۔ رَوٰی فعل ماضی باب رُوِیَ یَرْوِیْ ہفت اقسام لفیف مقرون۔ لفظ کے لغوی معنی ہے پھینکنا اور اصطلاحی معنی ما یتلفظ به الأنسان۔

☆...... ☆...... ☆

حدیث نمبر:۲

عن ابی سعید الخدری رضی اللّٰہ عنه قال قال رسول اللّٰہ صلّی اللّٰـه علیه وسلم ان الـمـاء طهـور لا ینجسه شئ. اخرجه الثلثة وصححه احمد.

ترکیب :...... عَنْ حرف جار أَبِی مضاف۔ سَعِیدٍ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر موصوف۔ الـخُـدْرِیِّ صفت۔ موصوف صفت مل کر عَـــنْ جار کا مجرور، جار مجرور مل کر متعلق رُوِیَ کے (رضی اللہ عنہ) کی ترکیب پیچھے گزر گئی

ہے) قَالَ فعل فاعل مل کر جملہ بن کر قول اول۔ قَالَ فعل رَسُولُ مضاف اللّٰہِ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر قَالَ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ بن کر قول ثانی (ﷺ کَمَا تَقَدَّمَ) اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اَلْمَاءَ اس کا اسم طَھُورٌ اس کی خبر اول لاَ یُنَجِّسُ فعل ہ مفعول مقدم شَیْءٌ فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر فعلیہ خبریہ بن کر اِنَّ کی خبر ثانی۔ اِنَّ اپنے اسم اور دونوں خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ بن کر قول کا مقولہ، قول مقولہ مل کر پہلے قول کا مقولہ، قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر رُوِیَ کا نائب فاعل رُوِیَ فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ لاَ یُنَجِّسَهُ شَیْءٌ یہ طَھُورٌ کی صفت بھی ہو سکتی ہے۔

فائدہ:...... شَیء مصدر باب شَاءَ یَشَاءُ (ف) ہفت اقسام سے اجوف یائی اور مہموز اللام۔

لفظ اللہ:...... مصدر باب اَلَهَ یَألَهُ (ف) ہفت اقسام سے مہموز الفاء اصل میں اِلٰهٌ تھا۔ اس کے ہمزہ کو خلاف قیاس حذف کر کے الف لام اس کے عوض میں لایا گیا۔ پھر لام کو لام میں ادغام کر دیا گیا۔ بن گیا اَللّٰہ۔

☆...... ☆...... ☆

حدیث نمبر: ۳

وعن ابی امامة البَاهِلِیِّ رضی اللّٰه عنه قال قال رسول اللّٰه صلّی اللّٰه علیه وسلم ان الماء لا ینجسه شیٔ الا ماغلب علی ریحه وَطَعْمِهِ وَ لونه. اخرجه ابن ماجه وضَعَّفَهُ ابوحاتم وللبیهقی الماء طهور الا ان تغیر ریحه او طعمه او لونُهُ بنجاسةٍ تحدث فیه.

ترکیب:

(۱) عَنْ حرف جار أَبِی مضاف، أُمَامَہَ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر موصوف۔ البَاهِلِیِّ صفت۔ موصوف صفت مل کر عَنْ جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق رُوِیَ کے۔ (رضی اللہ عنہ کی ترکیب پیچھے گزر گئی ہے) قَالَ فعل فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ بن قول اول۔ قَالَ فعل رَسُولُ مضاف، لفظ اللہ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر قَالَ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ بن کر قول ثانی (صلی اللہ علیہ وسلم کی ترکیب کما تقدم) اِنَّ حرف مشبہ بالفعل الْمَاءَ اس کا اسم لاَ یُنَجِّسُ فعل ہ مفعول شَیْءٌ مستثنیٰ منہ۔ الاحرف استثناء۔ مَا موصولہ غَلَبَ فعل فاعل۔ عَلَی جار رِیح مضاف ہ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر معطوف علیہ واو عاطفہ۔ طَعْمِ مضاف ہ مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ مل کر معطوف اول، واو عاطفہ۔ لَوْن مضاف ہ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر معطوف ثانی۔ معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں سے مل کر عَلَی جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق غَلَبَ کے۔ غَلَبَ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مَا کا صلہ۔ موصول صلہ مل کر مستثنیٰ۔ مستثنیٰ منہ اپنے مستثنیٰ سے مل کر لَا یُنَجِّسُ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ بن کر اِنَّ کی خبر۔ اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ بن کر قول کا مقولہ۔ قول مقولہ مل کر پہلے قول کا مقولہ قول مقولہ مل کر رُوِیَ کا نائب فاعل۔ فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

(۲) اَخْرَجَ فعل ہ مفعول مقدم اِبنُ مضاف۔ مَاجَہ مضاف الیہ۔ مضاف

اپنے مضاف الیہ سے مل کر اَخــرَجَ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔
واو عاطفہ ضَــعَّفَ فعل ہ مفعول مقدم، أَبُــو مضاف، حَــاتِم مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ مل کر ضَــعَّفَ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

(۳) واو عاطفہ لام جار بَیْهَقِیِّ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثَابِتٌ کے۔ ثابت اسم فاعل کا صیغہ اپنے متعلق سے مل کر خبر مقدم اَلْــمَــاءُ طَهُورٌ إِلَّا إِنْ تَغَیَّرَ ...... الی آخرہ یہ الفاظ مبتدا مؤخر خبر مقدم مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

(۴) الــماء مبتدا۔ طَهُورٌ مستثنیٰ منہ إِلَّا حرف استثناء۔ اَنْ مصدریہ، تَــغَیَّر فعل۔ رِیْــحُ مضاف ہ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر معطوف علیہ، او عاطفہ۔ طَــعْـمُ مضاف ہٗ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ سے مل کر معطوف اول۔ او عاطفہ۔ لَــوْنُ مضاف ہ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف ثانی۔ معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں سے مل کر تغیر کا فاعل۔ بَا جار۔ نَــجَاسَةٍ موصوف۔ تَحدُثُ فعل فاعل فِیْــهِ اس کے متعلق تَــحدُثُ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر نجاسۃ کی صفت موصوف صفت مل کر بَا جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق تَــغَیَّرَ کے تغیر فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَن کی وجہ سے مصدر کی تاویل میں ہو کر مستثنیٰ۔ مستثنیٰ منہ اپنے مستثنیٰ سے مل کر اَلْمَاءُ کی خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فائدہ :...... نَجَاسَة مصدر باب نَــجَسَ یَنْجُسُ ۔ تَغَیَّر فعل مضارع باب تَغَیَّر یَتَغَیَّرُ ہفت اقسام سے اجوف یائی۔ تَغَیَّرُ اصل میں تَتَغَیَّرُ تھا۔ لیکن

تخفیف کے لیے ایک تا گرادی تَغَیَّرُ ہوگیا۔ رَضِیَ فعل ماضی باب رَضِیَ یَرْضٰی ہفت اقسام سے ناقص واوی۔

مستثنیٰ کا اعراب چار قسم پر ہے:

۱: مستثنیٰ متصل ہو یا منقطع إِلَّا کے بعد واقع ہو کلام موجب میں تو منصوب ہوگا۔ مثلاً جاءَ نی القومُ الا زیداً۔ یا مستثنیٰ مقدم ہو مستثنیٰ منہ سے تو پھر بھی منصوب ہوگا۔ جیسے ما جاء نی الا زیداً احدٌ۔ یا واقع ہو۔ خلا اور عدا کے بعد عند الأکثر یا ما خلا اور ما عدا اور لیس اور یکون کے بعد بالاتفاق منصوب ہوگا۔

۲: اگر مستثنی إِلَّا کے بعد واقع ہو کلام غیر موجب میں مستثنی منہ مذکور ہو تو مستثنی پر نصب پڑھنا بھی جائز ہے اور مستثنی منہ سے بدل بنا کر مستثنی منہ والا اعراب پڑھنا بھی جائز ہے۔ مثلاً ما جاء نی اَحدٌ الا زیداً یا الا زیدٌ دونوں پڑھنا جائز ہے۔

۳: مستثنی إِلَّا کے بعد واقع ہو اور مستثنی منہ مذکور نہ ہو اور کلام غیر موجب ہو تو مستثنی کا اعراب عامل کے مطابق آئے گا۔ مثلاً ماجاء نی الا زیدٌ. وما رایت الا زیداً، وما مررتُ الا بزیدٍ.

۴: غیر، سِوٰی، سِوَاء، حَاشَا اکثر نحویوں کے نزدیک ان کے بعد مستثنی مجرور ہوتا ہے۔ مثلاً جاء نی القومُ غَیْرَ زیدٍ وسوٰی زیدٍ وسِوَاءَ زیدٍ وحَاشَا زیدٍ.

کلام موجب اس کو کہتے ہیں جس میں نفی، نہی، استفہام نہ ہو۔ اور کلام غیر موجب اس کو کہتے ہیں جس میں نہی نفی استفہام ہو۔

هذا ما عندی والله اعلم بالصواب

حدیث نمبر:۴

وعن عبدِاللّٰہ بن عُمَرَ رضی اللّٰہ عنہ قال قال رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم اذا کان الماءُ قُلَّتَیْنِ لم یحمل الخبث وفی لفظ لم ینجس اخرجہ الاربعۃ وصححہ ابن خزیمۃ وابن حبان والحاکم.

ترکیب:

(۱) عَنْ حرف جار۔ عَبْدِ مضاف لفظ اللّٰہِ مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ مل کر موصوف، اِبْنِ مضاف عُمَرَ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر صفت موصوف صفت مل کر عَنْ جار کا مجرور جار مجرور مل کر متعلق رُوِیَ کے۔ قَالَ فعل فاعل مل کر قول اول۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ قول ثانی۔

اِذَا حرف شرط، کَانَ فعل ناقص اَلْمَاءُ اس کا اسم قُلَّتَیْنِ اس کی خبر۔ کَانَ فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط۔ لم یَحْمِلِ فعل فاعل۔ اَلْخَبَثَ مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا۔ شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہو کر مقولہ۔ الی اخرہ۔

(۲) فی جار لفظ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثَابِتٌ کے۔ ثَابِتٌ اسم فاعل کا صیغہ اپنے متعلق سے مل کر خبر مقدم۔ لفظ لَمْ یَنْجُسْ مبتدا مؤخر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فائدہ: ...... جب خبر جار مجرور ہو یا ظرف ہو اور مبتدا نکرہ ہو تو خبر مقدم آتی ہے۔ جیسا کہ الفیہ میں آتا ہے۔

ونحو عندی درهم ولی وطر   ملتزم فیه تقدم الخبر

کـذا اذا عــاد عـلیـه مضمـر　　　　مـمـا بــه عـنــه مبینا یخبر

”فرماتے ہیں کہ جب خبر جار مجرور ہو یا ظرف تو اس وقت خبر کو مقدم لانا ضروری ہے۔ اسی طرح جب مبتدا میں ایسی ضمیر ہو جو خبر کی طرف لوٹ رہی ہو وہاں پر بھی خبر کو مقدم لانا ضروری ہے۔
مثلاً فی الدار صاحبها.

☆............☆............☆

حدیث نمبر: ۵

وعن أَبی هریرة رضـی اللّٰه عنه قـال قال رسول اللّٰه صلَّی اللّٰه عـلیـه وسلم لا یغتسل أَحَدُکُمْ فـی الماء الدَّائِمِ وهو جُنُبٌ. اخـرجـه مسـلم وللبخاری لَا یَبُولَنَّ احـدکـم فِی الْمَآءِ الدَّائِمِ الَّـذی لا یـجـری ثـم یـغتسـل فیه ولمسلم منه ولأبی داود ولا یغتسل فیه مِنَ الْجَنَابَةِ.

ترکیب:

(۱) لَا یَغْتَسِل ، فعل أَحَدُ مضاف، کُمْ مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ مل کر ذوالحال فِی جار الـمَاءِ موصوف۔ الدَّائِمِ صفت۔ موصوف صفت مل کر فِی جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق لاَیَـغْتَسِل کے۔ واو حالیہ هُوَ مبتدا جُـنُـبٌ خبر، مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال۔ ذوالحال حال مل کر لاَیَـغْتَسِل کا فاعل ہوا۔ اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ یا خبریہ۔

(۲) لام جار، بُخَارِیِّ مجرور، جار مجرور مل کر متعلق ثَابِتٌ کے۔ ثَابِتٌ اسم

فاعل کا صیغہ اپنے متعلق سے مل کر خبر مقدم لاَ يَبُولَنَّ أَحَدُكُمْ ......الی اخرہ یہ الفاظ مبتدا مؤخر خبر مقدم مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

(۳) لاَ يَبُولَنَّ فعل۔ أَحَدُ مضاف كُمْ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر لاَ يَبُولَنَّ کا فاعل فِيْ جار اَلْمَاءِ موصوف الدَّائِمِ صفت اول الَّذِيْ اسم موصول لاَ يَجْرِيْ فعل فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ بن کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر صفت ثانی اَلْمَاءِ کی موصوف اپنی دونوں صفتوں سے مل کر فِيْ جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق لاَ يَبُولَنَّ کے لاَ يَبُولَنَّ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ثُمَّ عاطفہ يغتسل فعل فاعل فِيْهِ متعلق يَغْتَسِلُ کے يَغْتَسِلُ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

نوٹ:...... الَّذِيْ لاَ يَجْرِيْ۔ الدَّائِم کی صفت بھی بن سکتی ہے۔

(۴) واو عاطفہ لام جار مُسْلِم مجرور، جار مجرور مل کر متعلق ثَابِتٌ کے۔ ثَابِتٌ اسم فاعل کا صیغہ اپنے متعلق سے مل کر خبر مقدم۔ لفظ مِنْهُ مبتدا مؤخر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

(۵) واو عاطفہ۔ لام جار اَبِي مضاف۔ دَاوُدَ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر لام جار کا مجرور، جار مجرور مل کر متعلق ثَابِتٌ کے۔ ثَابِتٌ اسم فاعل کا صیغہ اپنے متعلق سے مل کر خبر مقدم۔ وَلاَ يَغْتَسِلِ فِيْهِ مِنَ الْجَنَابَةِ یہ الفاظ مبتدا مؤخر۔ مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فائدہ:...... الدَّائِم اسم فاعل کا صیغہ باب دَامَ يَدُوْمُ (ن) ہفت اقسام سے اجوف واوی۔ جَنَابَة مصدر باب جَنَبَ يَجْنِبُ (ن۔س۔ض) لَايَجْرِي۔ فعل نفی معلوم باب جرٰی يَجْرِيْ (ض) ہفت اقسام سے ناقص یائی۔

حدیث نمبر:٦

وعن رجلٍ صَحِبَ النَّبِیَّ صلّی اللّٰہ علیہ وسلَّم قَالَ نَھَی رسول اللّٰہ صلَّی اللّٰہ علیہ وسلَّم ان تغتسل المرأۃ بِفَضْلِ الرَّجُلِ او الرَّجُلُ بِفَضْلِ المرأۃِ ولیغترفا جمیعًا. اخرجہ ابوداؤد والنسائی واسنادہ صحیح.

ترکیب:

(۱) واو عاطفہ عَنْ حرف جار، رَجُلٍ موصوف، صَحِبَ فعل فاعل، النَّبِیَّ اس کا مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر رَجُلٍ کی صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر عَنْ جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق رُوِیَ کے قَالَ فعل فاعل مل کر قول۔ نَھٰی فعل رَسُولُ مضاف لفظ اللہ مضاف الیہ۔ مضاف، مضاف الیہ مل کر نَھٰی کا فاعل۔ أَنْ مصدریہ تَغْتَسِلَ فعل الـمرأَۃُ اس کا فاعل با جار فضل مضاف الرَّجُلِ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل بَا جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق تَغْتَسِلَ کے۔ تَغْتَسِلَ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ او عاطفہ الرَّجُلُ محذوف فعل یَغْتَسِلُ کا فاعل۔ بَا جار فَضْلِ مضاف الـمَرْأَۃِ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر بَا جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق یَغْتَسِلَ کے یَغْتَسِلَ فعل محذوف اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ خبریہ ہو کر اس کا عطف ہوا۔ أَنْ تَغْتَسِلَ پر یعنی أَنْ تَغْتَسِلَ المَرأَۃُ بِفَضْلِ الرَّجُلِ معطوف علیہ اور یہ معطوف معطوف علیہ معطوف مل کر ان کی وجہ سے مصدر کی تاویل میں ہو

کر نہٰی کا مفعول۔ نہٰی فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واو عاطفہ، لام امر یَـغْتَرِ فَا فعل اس میں فاعل کی ضمیر ذوالحال۔ جَمِیْعاً حال ذوالحال حال مل کر اس کا فاعل۔ یَـغْتَرِ فَا فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قال محذوف کا مقولہ، قول مقولہ مل کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مقولہ، قول مقولہ مل کر رُوِیَ کا نائب فاعل ......الخ

(۲) واو عاطفہ، اسنادہ مبتدا صحیح اس کی خبر۔

فائدہ :......نَہٰی فعل ماضی۔ باب نَہٰی یَنْہٰی. ہفت اقسام سے ناقص یائی۔

لِیَغْتَرِفَا کی جزمی حالت ہے۔ اس لیے کہ لام امر نے آ کر نون اعرابی گرا دیا ہے۔ جیسے کہ صاحب الفیہ نے فرمایا:

واجعل لنحو یفعلان النونا
رفعًا وتدعین وتسالونا
وحذفها للجزم والنصب سمه
کلم تکونی لترومی مظلمه

فرماتے ہیں: مضارع کے جن صیغوں میں نون اعرابی آتا ہے۔ جب نون اعرابی لفظوں میں ثابت رہے گا۔ تو ان صیغوں کی رفعی حالت ہوگی۔ جب ان سے نون اعرابی گر جائے تو پھر دیکھیں گے کہ گرانے والا ناصب ہے تو نصبی حالت اگر گرانے والا جازم ہے تو جزمی حالت۔ اس لیے لِیَـغْتَرِفَا میں نون اعرابی کو گرانے والا جازم ہے۔ (لام امر) اس کی جزمی حالت ہے۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۷

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِی اللّٰہ عَنہما أَنَّ النَّبِیَّ صلَّی اللّٰہ علیہ وسلَّم کان یغتسلُ بفضل میمونۃَ رَضی اللّٰہ عنہا اخرجہ مسلم و لا صحاب السُّنَن اغتسل بعضُ ازواج النبیِّ صلَّی اللّٰہ علیہ وسلَّم فِیْ جَفْنَۃٍ فَجَاء النبیُّ صلَّی اللّٰہ علیہ وسلَّم لیغتسل منہا فقالت لہ إِنِّی کنتُ جنباً فقال إِنَّ الماءَ لا یجنُبُ وصححہ الترمذي وابن خزیمۃ:

ترکیب:

(۱) أَنَّ حرف مشبہ بالفعل النَّبِیَّ اس کا اسم۔ کَانَ فعل ناقص۔ ھُوَ ضمیر پوشیدہ اس کا اسم یَغْتَسِلُ فعل فاعل۔ بَا جار فَضْلِ مضاف مَیْمُوْنَۃَ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر با جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق یَغْتَسِلُ کے، یَغْتَسِلُ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ بن کر کَانَ کی خبر۔ کَانَ اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر أَنَّ کی خبر۔

(۲) واو عاطفہ لام جار، اَصحابِ مضاف السُّنَنِ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر لام جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثَابِتٌ کے۔ ثَابِتٌ اپنے متعلق سے مل کر خبر مقدم اغْتَسَلَ بَعْضُ اَزْوَاجِ النَّبِیِّ...... الی اخرہ ۔ یہ الفاظ مبتدا مؤخر خبر مقدم مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

اغْتَسَلَ فعل بَعْضُ مضاف ازْوَاجِ مضاف النَّبِیِّ مضاف الیہ۔ ازْوَاجِ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر بعض کا مضاف الیہ۔ بعض مضاف

اپنے مضاف الیہ سے مل کر اغْتَسَلَ کا فاعل فِي جار جَفْنَةٍ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق اغْتَسَلَ کے۔ اغْتَسَلَ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ فَا عاطفہ۔ جَاءَ فعل النَّبِيُّ اس کا فاعل لام کی یَغْتَسِلُ فعل فاعل مِنْهَا یَغْتَسِلُ کے متعلق۔ یَغْتَسَلُ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ بن کر أَنْ کی وجہ (جولام کَــــی کے بعد پوشیدہ ہے) مصدر کی تاویل میں ہو کر لام جار کا مجرور، جار مجرور مل کر متعلق جَاءَ کے۔ جَاءَ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ اس کا عطف ہوا اغْتَسَلَ پر۔

فَا عاطفہ۔ قَالَتْ فعل فاعل۔ لَهٗ متعلق قَالَتْ کے۔ قَالَتْ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر قول۔ إِنَّ حرف مشبہ بالفعل۔ ی ضمیر متکلم اس کا اسم كُنْتُ فعل ناقص۔ ت اس کا اسم جُنُبًا اس کی خبر۔ کان اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر إِنَّ کی خبر۔ إِنَّ اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر قول کا مقولہ۔ قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ اس کا عطف بھی اغْتَسَلَ پر ہے۔

فَا عاطفہ قَالَ فعل فاعل مل کر قول۔ إِنَّ حرف مشبہ بالفعل الْمَاءَ اس کا اسم لَا يَجْنُبُ فعل فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ بن کر إِنَّ کی خبر۔ إِنَّ اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ بن کر قول کا مقولہ۔ قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ اس کا عطف بھی اغْتَسَلَ پر ہے۔

☆......☆......☆

فَجَآءَ النَّبِيُّ اِلٰى أخره. فَقَالَتْ لَهٗ إِنِّي كُنْتُ جُنُبًا. فَقَالَ إِنَّ الْمَاءَ لَا يُجْنُبُ.

ان تینوں جملوں کا عطف اغْتَسَلَ بَعْضُ أَزْوَاجَ النَّبِيِّ پر ہے۔ یعنی یہ تینوں معطوف اور اغْتَسَلَ معطوف علیہ ہے۔

فائدہ:...... السُّنَنُ۔ سُنَّةٌ کی جمع ہے۔ أَصْحَابٌ جمع ہے صَاحِبٌ کی۔ اَصْحَابُ کی جمع اَصَاحِیْب آتی ہے۔ جَاءَ فعل ماضی۔ باب جَآءَ یَجِیْئُ۔ (ض) ہفت اقسام سے اجوف یائی مہموز اللام۔

۶ چیزوں کے بعد ان پوشیدہ ہوتا ہے:

۱: حتی کے بعد۔ مثلاً: مررت حتی اَدْخُلَ البَلَدَ۔

۲: لام جحد کے بعد۔ مثلاً: ما کان اللّٰه لِیُعَذِّبَهُمْ ۔ لام جحد، جحد کا لغوی معنی انکار کرنا ہے۔ اصطلاح میں لام جحد وہ ہے جو نفی کی تاکید کے واسطے آئے اور نفی کے بعد مستعمل ہو۔

۳: اس اَوْ کے بعد جس کا معنی اِلٰی اَنْ یا اِلَّا اَنْ ہو جیسے: لَاَ لْزَمَنَّكَ اَوْ تُعْطِیَنِیْ حَقِّي (البتہ لازم پکڑوں گا میں تجھ کو یہاں تک کہ تو میرے حق کو عطا کر دے۔)

۴: واو صرف کے بعد۔ صرف کے لغوی معنی باز رکھنے کے ہیں اور اس کے بعد اَنْ کو مقدر ماننے کی دو شرطیں ہیں:

اوّل: یہ کہ اس کے ماقبل اور مابعد دونوں کے مضمون کا حصول ایک زمانہ میں ہو

دوم: یہ کہ وہ امر نہی نفی استفہام تمنی اور عرض کے بعد واقع ہو۔ جیسے: زُرْنِیْ وَاُکْرِمَكَ .

۵: لام کَیْ۔ یعنی وہ لام جو بمعنی کَیْ سببیہ کے آتا ہو۔ اَسْلَمْتُ لِاَدْخُلَ الْجَنَّةَ .

لام کَیْ اور لام جحد میں فرق لفظی اور معنوی دونوں طرح ہے۔ لفظی تو یہ ہے کہ لام جحد ہمیشہ نفی کان کے بعد آتا ہے۔ بخلاف لام کَیْ کے کہ وہ ایسا نہیں ہے معنوی یہ ہے کہ لام کَیْ تعلیل کے لیے آتا ہے اور اگر لفظوں سے

گر جائے تو معنی مقصود میں خلل آتا ہے۔ بخلاف لام حجد کے وہ محض تاکید نفی کے لیے آتا ہے۔ اگر وہ لفظوں سے گر جائے تو معنی مقصود میں کوئی خلل نہیں آتا۔

٦: فَا کے بعد ان مقدر ہوتا ہے اس کے بعد ان مقدر ہونے کی دو شرطیں ہیں:

(١) یہ کہ اس کا ماقبل مابعد کے لیے سبب ہو۔

(٢) یہ کہ وہ امر یا نہی یا استفہام یا تمنی یا عرض کے بعد واقع ہے۔ جیسے: زُرْنِـــــیْ فَأُکْرِمَكَ (الی أخرہ) اس مثال میں فا امر کے جواب میں واقع ہے۔ وقس علی هذا۔

☆...... ☆...... ☆

حدیث نمبر: ٨

وعن ابی هریرة رضی اللّٰه عنه قال قال رسول اللّٰه صلّی اللّٰه علیه وسلم طُهُوْرُ إِنَاءِ اَحَدِکُمْ إِذَا وَلَغَ فِیْهِ الْکَلْبُ أَنْ یَغْسِلَهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ أُوْلَاهُنَّ بِالتُّرَابِ. اخرجه مُسْلِمٌ وفی لفظٍ لَهُ فَلْیُرِقْهُ وَلِلتِّرمذي أخرٰهُنَّ او اولٰهن بالتُّراب.

ترکیب:

(١) طُهُوْرُ مصدر مضاف انَـاء مضاف أَحَدِ مضاف کُمْ مضاف الیہ۔ أَحَدِ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر إِنَاء کا مضاف الیہ إِنَاء مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر طُهُـــوْرُ کا مضاف الیہ۔ اِذَا ظرفیہ مضاف وَلَغَ فعل فیـه اس کے متعلق الْـکَلْبُ اس کا فاعل۔ وَلَغَ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ بن کر اِذَا کا مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ مل کر طُهُـوْرُ کی ظرف طُهُـوْرُ مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور

ظرف سے مل کر مبتدا اَنْ مصدر یہ۔ یَغْسِلَ فعل فاعل، ہٗ مفعول بہ۔ سَبْعَ مضاف مَرَّاتٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر یَغْسِلَ کا مفعول مطلق۔ فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوکر أَنْ کی وجہ سے مصدر کی تاویل میں ہو خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبر یہ۔ اولیٰ مضاف ھن مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا۔ بِالتُّرَابِ متعلق ثَابِتَةٌ کے ہوکر خبر مبتدا خبر مل کر اسمیہ خبر یہ۔

(۲) واو عاطفہ فِيْ جار لفظ مجرور، جار مجرور مل کر متعلق ثَابِتٌ کے۔ لام جارہٗ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثَابِتٌ کے۔ ثَابِتٌ اپنے دونوں متعلقوں سے مل کر خبر مقدم۔ لفظ فَلْيُرِقْهُ مبتدا مؤخر۔

(۳) واو عاطفہ لِلتِّرْمَذِيِّ متعلق ثَابِتٌ کے ہوکر خبر مقدم أُخْرٰهُنَّ او أُوْلٰهُنَّ بِالتُّرَابِ یہ الفاظ مبتدا مؤخر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبر یہ۔

(۴) اخری مضاف ھن مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر معطوف علیہ او عاطفہ اولٰھُنَّ مضاف، مضاف الیہ مل کر معطوف۔ معطوف علیہ معطوف مل کر مبتدا۔ بِالتُّرَابِ متعلق ثَابِتَةٌ کے ہوکر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبر یہ۔

فائدہ :...... فَلْيُرِقْ۔ فعل امر غائب معلوم۔ باب اَرَاقَ، يُرِيْقُ (افعال) ہفت اقسام اجوف یائی۔ وَلَغَ فعل ماضی معلوم باب وَلَغَ يَلِغُ (ض) ہفت اقسام سے مثال واوی۔ سَبْعَ مَرَّاتٍ صفت ہے اس کا موصوف پوشیدہ ہے غَسْلًا، موصوف صفت مل کر مفعول مطلق بنتا ہے۔

حدیث نمبر: ۹

وعن ابی قتادة رضی اللّٰہ عنه أَن رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیه وسلَّم قال فی الهِرَّةِ إِنَّها لیست بنجس إِنَّما هی من الطَّوَّافِیْنَ علیکم اخرجه الأربعة وصححه الترمذی وابن خزیمة.

ترکیب: ...... أَنَّ حرف مشبہ بالفعل رَسُولَ مضاف لفظ اللہ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر أَنَّ کا اسم۔ قَالَ فعل فاعل فِیْ جار الھرۃ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق قَالَ کے۔ قَالَ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بن کر قول۔ إِنَّ حرف مشبہ بالفعل ھَا اس کا اسم لَیْسَتْ فعل ناقص ھِیُ ضمیر پوشیدہ اس کا اسم بازائدہ نَجَسٍ۔ لَیْسَتْ کی خبر۔ لَیْسَتْ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ بن کر إِنَّ کی خبر۔ إِنَّ اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔ إِنَّمَا کلمہ حصر، ھِیَ مبتدا۔ مِنْ جار الطَّوَّافِیْنَ مبالغے کا صیغہ علیکم متعلق طَوَّافِیْنَ کے۔ طوافین اپنے متعلق سے مل کر مِنْ جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثَابِتَةً کے۔ ثَابِتَةً اسم فاعل کا صیغہ اپنے متعلق سے مل کر ھِیَ کی خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔ دونوں جملے مل کر قول کا مقولہ۔ قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بن کر أَنَّ کی خبر۔

فائدہ: ...... طَوَّافِیْنَ جمع ہے طواف کی۔ طَوَّافِیْنَ کی جری حالت ہے اس لیے کہ اس پر حرف جار مِنْ آیا ہے۔ اور اس کی جری حالت ی کے ساتھ ہے۔ کیونکہ یہ جمع مذکر سالم ہے اور جمع مذکر سالم کی رفعی حالت واو ماقبل مضموم اور نون مفتوح کے ساتھ آتی ہے۔ اور نصبی جری یا ماقبل مکسور اور نون مفتوح کے ساتھ آتی ہے۔

اعتـــراض :......اگر کوئی کہے کہ تثنیہ اور جمع میں نصب کو جر کے تابع کیوں کیا گیا ہے۔

جـــواب :......اعراب کل چھ ہیں تین بالحرکت اور تین بالحرف۔ رفع، نصب، جر۔ واو الف یا اور مستحقین اعراب نو ہیں یعنی اعراب لینے والے نو ہیں۔ تین مفرد کی حالتیں (رفعی، نصبی، جری) اور تین تثنیہ کی اور تین جمع کی۔ سب سے پہلے مفرد کو اعراب بالحرکت دے دیا۔ یعنی رفع نصب جر اس لیے کہ وہ اصل ہے اور اس کو اعراب بالاصل دے دیا۔ باقی اعراب تین رہ گئے واو الف یا اور اعراب لینے والے چھ۔ تثنیہ کی تین حالتیں۔ جمع کی تین حالتیں۔

پس اول تثنیہ اور جمع کی حالت رفعی پر نظر کی گئی۔ اس لیے کہ وہ تمام حالات میں عمدہ ہے۔ پس الف کو تثنیہ کی حالت رفعی کے لیے اور واو کو جمع کی حالت رفعی کے لیے خاص کر دیا کیونکہ تثنیہ میں الف اور جمع میں واو فاعل کی علامت ہے۔ اب ایک اعراب (یعنی یا) اور چار حالتیں باقی رہ گئیں۔ پس ہم نے ایک اعراب چار حالتوں پر اس طرح تقسیم کیا کہ تثنیہ اور جمع کی حالت جری میں ی لائے اور نصب کو جر کے تابع کر دیا۔ (اضطراری حالت میں اس کے لیے باقی اعراب کوئی نہ تھا) اور مابین تثنیہ اور جمع کے اس طرح فرق کیا کہ تثنیہ میں یا کا ماقبل مفتوح اور جمع میں مکسور۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۱۰

وعن انس بن مالك رضی اللّٰه عنه قال جَآءَ اعرابیٌّ فبال فی طَآئِفَةِ المسجد فزجرهُ النَّاسُ فنهاهُمْ رسولُ اللّٰه صلّی اللّٰه علیه

وسلَّم فلما قضى بَوْلَهُ أمر النَّبِيُّ صلّى اللّٰه عليه وسلَّم بذنوبٍ من مآءٍ فَأُهْرِيْقَ عليه متفق عليه.

ترکیب:

(۱) قَالَ فعل فاعل مل کر جملہ بن کر قول۔ جَاءَ فعل أَعْرَابِيٌّ فاعل۔ فعل فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فا عاطفہ، بَالَ فعل فاعل فِيْ جار طَائِفَةِ مضاف۔ اَلْمَسْجِدِ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر فِيْ جار کا مجرور، جار مجرور مل کر متعلق بَالَ کے۔ بَالَ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ اس جملے کا عطف جَاءَ أَعرابِيٌّ پر ہے، فا عاطفہ زَجَرَ فعل ہُ مفعول مقدم النَّاسُ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ اس کا عطف بَالَ پر ہے۔ فا عاطفہ نَهٰى فعل هُمْ مفعول رَسُوْلُ اللّٰهِ اس کا فاعل نَهٰى اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ اس کا عطف زَجَرَهُ النَّاسُ پر ہے فَا عاطفہ لَمَّا شرطیہ قَضٰى فعل فاعل بَولَهُ مضاف مضاف الیہ مل کر اس کا مفعول۔

قَضٰى فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ بن کر شرط۔ أَمَرَ فعل النَّبِيُّ اس کا فاعل۔ بَا جار ذَنُوبٍ موصوف۔ مِنْ جار مَآءٍ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق کَائِنٍ کے۔ کَائِنٍ اسم فاعل کا صیغہ اپنے متعلق سے مل کر صفت ذَنُوب کی۔ موصوف صفت مل کر بَا جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق أَمَرَ کے۔ أَمَرَ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ بن کر جزاء۔ شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ۔ اس کا عطف نَهَاهُمْ پر ہے۔ ان تمام جملوں کا عطف جَاءَ أَعْرَابِيٌّ پر ہے۔ یعنی جَآءَ أَعْرَابِيٌّ معطوف علیہ اور یہ تمام ترتیب وار معطوف۔

فَا عاطفہ، أُهْرِيْقَ فعل اس میں هُوَ ضمیر اس کا نائب فاعل عَلَيْهِ أُهْرِيْقَ کے متعلق۔ فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ اس کا عطف أَمَرَ النَّبِيُّ پر ہے۔

(۲) مُتَّفَقٌ اسم مفعول، عَلَيْهِ جار مجرور مل کر نائب فاعل اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر مبتدا محذوف هَذَا الْحَدِيْثُ کی خبر۔

فائدہ:...... بَالَ فعل ماضی باب بَالَ يَبُوْلُ (ن)۔ ہفت اقسام سے اجوف واوی۔ أُهْرِيقَ ماضی مجہول باب أَرَاقَ يُرِيْقُ (افعال)۔ ہفت اقسام سے اجوف یائی۔ أُهْرِيقَ اصل میں أُرِيْقَ تھا۔ پھر ہمزہ کو ھا کر دیا گیا هُرِيْقَ بن گیا پھر پہلے ھمزہ کو ھَا کرنے کے بعد ایک اور ہمزہ زائد کر دیا گیا۔ بن گیا أُهْرِيْقَ۔

☆...... ☆...... ☆

حدیث نمبر: ۱۱

وعن ابنِ عُمَرَ رضی اللّٰہ عنه قال قال رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیه وسلّم أُحِلَّتْ لنا میتتان و دمان فَامَّا المیتتان فالجرادُ و الحُوتُ وَأَمَّا الدَّمانِ فالکبِدُ و الطِّحَالُ. اخرجه احمد و ابن ماجة و فیه ضعف.

ترکیب:

(۱) أُحِلَّتْ فعل مجہول۔ لَام جار نَا مجرور جار مجرور مل کر متعلق أُحِلَّتْ کے مَيْتَتَان معطوف علیہ واو عاطفہ دَمَان معطوف، معطوف علیہ معطوف مل کر أُحِلَّتْ کا نائب فاعل۔ فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(۲) فَا تفسیریہ أَمَّا تفصیلیہ۔ أَلْمَیْتَتَان مبتداء۔ فَا جزائیہ (اس لیے کہ مبتدا میں شرط کا معنی موجود ہے) اَلجَرَادُ معطوف علیہ واو عاطفہ اَلْحُوْتُ معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

واو عاطفہ امَّا تفصیلیہ الدَّمَان مبتدا۔ فَا جزائیۃ الکَبِدُ معطوف علیہ واو عاطفہ الطِّحَالُ معطوف۔ معطوف علیہ معطوف مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

(۳) فِیْهِ متعلق ثابت کے ہو کر خبر مقدم۔ ضُعْفٌ مبتدا مؤخر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فائدہ:...... أُحِلَّتْ واحد مؤنث غائب ماضی مجہول۔ باب اَحَلَّ یُحِلُّ (افعال) ہفت اقسام سے مضاعف ثلاثی۔ مَیْتَتَانِ یہ مَیْتَةٌ کا تثنیہ ہے۔

☆...... ☆...... ☆

حدیث نمبر: ۱۲

وعن ابی ھریرۃَ رضی اللّٰہ عنہ قال قال رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلَّم اذا وَقَعَ الذُّبَابُ فی شرابِ أَحدِکُم فَلْیَغْمِسْہُ ثُمَّ لِینزِعہُ فَانَّ فی احدِ جَنَاحَیْہِ دَاءً وَفِی الْأٰخر شفاءً اخرجہ البخاری وابو داوٗد وزاد وإِنَّہُ یَتَّقِی بجناحِہِ الَّذِی فِیْہِ الدَّاءُ.

ترکیب:

(۱) إِذَا شرطیہ وَقَعَ فعل الذُّبَابُ فاعل فِیْ جار شَرَابِ مضاف أَحَدِ مضاف کُمْ مضاف الیہ۔ أَحَدِ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر شَرَابِ کا مضاف الیہ۔ شَرَابِ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر

فِیْ جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق وَقَعَ کے۔ وَقَعَ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ بن کر شرط۔ فَا جزائیہ۔ یَغْمِسْ فعل فاعل۔ ہُ مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جزا شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ۔

ثُمَّ عاطفہ، لام امر۔ یَنْزِعْ فعل فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر اس کا عطف ہو لِیَغْمِسْ پر یعنی وہ معطوف علیہ اور یہ معطوف۔

(۲) فَا تعلیلیۃ إِنَّ حرف مشبہ بالفعل فِيْ جار أَحَدِ مضاف جناح مضاف ہٖ مضاف الیہ۔ جَنَاحِ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر أَحَدِ کا مضاف الیہ۔ أَحَدِ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فِیْ جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر ثَابِتٌ کے، ثَابِتٌ اپنے متعلق سے مل کر إِنَّ کی خبر مقدم۔ دَاءً اس کا اسم مؤخر۔ إِنَّ اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ واو عاطفہ فِیْ الاخَرِ متعلق ثَابِتٌ کے ہو کر إِنَّ پوشیدہ کی خبر مقدم شِفَاءً اسم مؤخر۔

(۳) واو عاطفہ زَادَ فعل فاعل وَانَّہ یَتَّقِیْ بِجَنَاحِہٖ ...... الی اخرہ یہ الفاظ مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

(۴) واو عاطفہ إِنَّ حرف مشبہ بالفعل ہٗ اس کا اسم۔ یَتَّقِیْ فعل فاعل بَا جار، جَنَاحِ مضاف، ہٖ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر موصوف، الَّذِیْ اسم موصول فِیْہِ متعلق ثَبَتَ کے۔ الدَّاءُ فاعل ثَبَتَ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ بن کر الَّذِیْ کا صلہ۔ موصول صلہ مل کر جَنَاحِہٖ کی صفت۔ موصوف صفت مل کر بَا جار کا مجرور، جار مجرور مل کر متعلق یَتَّقِیْ کے۔ یَتَّقِیْ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بن کر إِنَّ کی خبر۔ إِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فائدہ :...... وَقَعَ فعل ماضی، باب وَقَعَ يَقَعُ وقوعًا (ف)۔ ہفت اقسام سے مثال واوی۔ يَتَّقِي فعل مضارع باب اِتَّقٰى يَتَّقِيْ . ہفت اقسام سے لفیف مفروق۔ يَتَّقِي اصل میں يَوْتَقِيُ تھا واو واقع ہوئی باب افتعال کے فا کلمہ میں واو کو تا کیا اور تا کو تا میں ادغام کیا۔ يَتَّقِيْ بن گیا۔ شَرَابٌ مصدر، باب شَرِبَ يَشْرَبُ (س)۔

اعتراض :...... أَحَد پر تنوین کیوں نہیں آئی؟

جواب :...... اس لیے کہ وہ مضاف ہے اور مضاف پر چار چیزیں نہیں آتیں:

(۱) الف لام۔ (۲) تنوین۔ (۳) نون تثنیہ۔ (۴) نون جمع۔

اعتراض :...... مضاف پر یہ چار چیزیں کیوں نہیں آتیں؟

جواب :...... الف لام مضاف پر اس لیے نہں آتا کہ الف لام جس کلمہ پر آئے اس کو معرفہ کر دیتا ہے اور مضاف اکثر پہلے ہی معرفہ ہوتا ہے۔ اس سے تحصیل حاصل لازم آئے گا جو بے فائدہ ہوتا ہے۔ نون تنوین اور نون تثنیہ اور نون جمع۔ ان تینوں کے ساتھ کلمہ تام ہونے کی وجہ سے انفصال پر دلالت کرتا ہے۔ اور اضافت مقتضی اتصال ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ جس کلمہ پر تنوین آئے یا نون تثنیہ یا نون جمع وہ تام اور منقطع ہوجائے گا۔ مضاف الیہ کا محتاج نہیں ہوگا۔ حالانکہ مضاف مضاف الیہ کے بغیر نہیں آتا۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۱۳

وعن ابِىْ واقِدِنِ اللَّيْثى رضى اللّٰه عنه قَالَ قالَ رسولُ اللّٰه صلّى اللّٰه عليه وسلَّم ما قُطِعَ مِنَ الْبَهِيْمَةِ وهِيَ حَيَّةٌ فهو مَيِّتٌ.

اخرجه ابو داوٗد و التِرمذیُّ و حَسَّنه و اللَّفْظُ لهُ.

ترکیب:

(۱) أَبِیْ واقد مضاف مضاف الیہ مل کر موصوف اللَّیْثِی اس کی صفت الی اُخرہٖ۔

(۲) مَا موصولہ قُطِع فعل مجہول اس میں ھُوَ ضمیر اس کا نائب فاعل مِنْ حرف جار۔ البَہِیْمَۃِ ذوالحال۔ واو حالیہ ھِیَ مبتدا۔ حَیَّۃٌ اس کی خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال۔ ذوالحال حال مل کر مِـنْ جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق قُطِعَ کے۔ قُطِعَ فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مَا کا صلہ۔ موصول صلہ مل کر مبتدا۔ فا جزائیہ (اس لیے کہ مبتدا شرط کے معنی کو متضمن ہے) ھُوَ، مبتدا، مَیِّتٌ خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر پہلے مبتدا کی خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فائدہ:...... حَیَّۃٌ صفت مشبہ باب حَـیِـیَ یَـحْیـٰی (س) ہفت اقسام سے لفیف مقرون۔

مَیِّتٌ صفت مشبہ باب مَـاتَ یَـمُوتُ موتًـا (ن)۔ ہفت اقسام سے اجوف واوی مَیِّتٌ اصل میں مَیْوِتٌ تھا۔ واو اور یا اکٹھے آ گئے اور دونوں میں پہلا ساکن ہے واو کو یا کیا اور یا کو یا میں ادغام کیا مَیِّتٌ ہو گیا۔

حال کی تعریف:

حال وہ لفظ ہے جو فاعل یا مفعول یا دونوں کی حالت بیان کرے۔ پہلے کی مثال یعنی فاعل کی حالت بیان کرے۔ جاء نی زیدٌ راکبًا۔ دوسرے کی مثال یعنی مفعول کی حالت بیان کرے۔ ضَرَبْتُ زَیدًا مشدودًا۔ تیسرے کی مثال

یعنی فاعل اور مفعول دونوں کی حالت بیان کرے۔

لَقِيْتُ عُمَرَ راكبين :......ان تینوں کی ترکیب۔

(۱) جَاءَ فعل نون وقایہ، ی ضمیر متکلم کی مفعول۔ زیدٌ ذوالحال، راکباً حال۔ ذوالحال۔ حال مل کر جَاءَ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

(۲) ضربت فعل فاعل زیداً ذوالحال۔ مشدوداً حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر ضَرَبْتُ کا مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

(۳) لَقِيْتُ فعل اس میں انا ضمیر ذوالحال عمر ذوالحال، رَاكِبَيْنِ حال دونوں کا انا ضمیر ذوالحال اپنے راکبین حال سے مل کر لَقِيْتُ کا فاعل۔ عمر ذوالحال اپنے رَاكِبَيْنِ حال سے مل کر لَقِيْتُ کا مفعول۔

فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ

اس طرح بھی ترکیب کر سکتے ہیں:

لَقِيْتُ فعل اس میں تُ ضمیر فاعل ذوالحال عمر مفعول ذوالحال۔ رَاكِبَيْنِ دونوں کا حال فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

هذا ما عندی والله اعلم بالصواب

☆......☆......☆

باب الأنية

حدیث نمبر: ۱

عن حُذیفَةَ بن الیَمَان رضی اللّٰہ عنہ قال قال رسولُ اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم لا تَشْرَبُوْا فی اٰنِیَةِ الذَّھَبِ والفضَّةِ ولا تاکُلُوْا فی صحَافِھَا فَاِنَّھَا لَھُمْ فی الدنیا ولکم فی الاٰخِرَةِ، متفق علیہ.

ترکیب:

(۱) لَا تَشْرَبُوْا فعل فاعل فِیْ جار اٰنِیَةِ مضاف، الذَّھَبِ معطوف علیہ، واو عاطفہ، الْفِضَّةِ معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر اٰنِیَةِ کا مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ مل کر فی جار کا مجرور، جار مجرور مل کر متعلق لَاتَشْرَبُوا کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔ واو عاطفہ لَا تَاکُلُوا فعل فاعل فِی جار صحاف مضاف ھا مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فی جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق لَا تَاکُلُوا کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔ اس کا عطف ہوا لَا تَشْربُوا پر۔

(۲) فَا تعلیلیہ، إِنَّ حرف مشبہ بالفعل ھَا اس کا اسم، لَھُمْ جار مجرور مل کر متعلق ثَابِتَان کے۔ فِی جار، الدُّنْیَا مجرور، جار مجرور مل کر متعلق ثَابِتَان کے ثَابِتَان اسم فاعل کا صیغہ اپنے دونوں متعلقوں سے مل کر اِنَّ کی خبر اِنَّ اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ۔ واو عاطفہ، آگے تھوڑی سی عبارت محذوف ہے وہ یہ ہے کہ إِنَّھَا إِنَّ حرف مشبہ بالفعل ھا اس کا اسم

لَكُمْ اور فِی الْاٰخِرَة یہ دونوں متعلق ہوئے ثَابِتَان کے۔ ثَابِتَان اپنے دونوں متعلقوں سے مل کر اِنَّ کی خبر۔ اِنَّ اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فائدہ :...... اٰنِیَةٌ یہ جمع ہے اِنَاءٌ کی۔ صِحَافٌ یہ جمع ہے صَحْفَةٌ کی۔ صَحْفَةٌ اس پیالے کو کہتے ہیں جس سے پانچ آدمی آسودہ ہو جائیں۔

كما قال صاحب الكشاف والكسائي الصحفة هي ما تشبع الخمسة. [سبل السلام]

اعتراض :...... تثنیہ اور جمع یہ اسم کا خاصہ ہے اور اس حدیث میں لَا تَشْرَبُوا یہ فعل ہے اور جمع ہے۔ اسی طرح ضَرَبَا فعل ہے اور یہ تثنیہ ہے حالانکہ تثنیہ اور جمع اسم کا خاصہ ہے۔

جواب :...... فعل تثنیہ اور جمع نہیں ہوتا اور فعل کے جو صیغے تثنیہ جمع کہلاتے ہیں وہ فاعل کے اعتبار سے۔ مطلب یہ ہے کہ فعل خود تثنیہ اور جمع نہیں ہوتا بلکہ اس میں جو فاعل کی ضمیر ہوتی ہے وہ تثنیہ اور جمع ہوتی ہے اور فاعل اسم ہوتا ہے۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۲

وعن أُمِّ سلمة رضى الله عنها قالَت قال رسولُ الله صلّى الله عليه وسلّم الَّذِى يشربُ فى إنَاءِ الفضَّةِ انما يُجَرْجِرُ فى بطنِهِ نَارَ جَهَنَّمَ. متفق عليه.

تركیب:

(۱) اَلَّذِی اسم موصول۔ یَشْرَبُ فعل فاعل، فِیْ جار اِنَاءِ مضاف، الفِضَّةِ

مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فِــیْ جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق یَشْرَبُ کے یَشْرَبُ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ بن کر اَلَّذِیْ کا صلہ موصول صلہ مل کر مبتدا إِنَّــمَا کلمہ حصر یُــجَرْجِرُ فعل فاعل فِیْ جار بَطْنِ مضاف ہ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر فِیْ جار کا مجرور، جار مجرور مل کر متعلق یُــجَرْجِرُ کے نَارَ مضاف جَهَنَّمَ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر یُجَرْجِرُ کا مفعول۔ یُجَرْجِرُ فعل اپنے فاعل اور متعلق اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بن کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فائدہ :...... یُــجَرْجِرُ، فعل مضارع، باب جَــرْجَــرَ یُــجَرْجِرُ (فــعــللة) ہفت اقسام سے مضاف رباعی۔ مضاف رباعی کی تعریف۔ جس کا فا کلمہ اور پہلا لام اور عین کلمہ اور دوسرا لام ایک جنس کے ہوں۔

جهنم :...... یہ غیر منصرف ہے اس لیے اس پر کسرہ نہیں آیا۔ ایک سبب اس میں علم ہے اور ایک تانیث۔ اذهی علم من اعلام النار اعاذنا اللّٰه منها۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر:۳۰

وعن ابن عبَّاسٍ رضـی اللّٰه عنهاقـال قـال رسول اللّٰه صلّی اللّٰه عـلیـه وسـلَّـم إِذَا دُبِـغَ الأَهَـابُ فقد طَهُرَ. اخرجه مسلم وعند الأربعةِ ايُّما إِهابٍ دُبِغَ.

ترکیب:

(۱) إِذَا حرف شرط، دُبِـغَ فعل مجہول، الاھَــابُ اس کا نائب فاعل۔ فعل

اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فا جزائیہ، قَدْ حرف تحقیق، طَهُرَ فعل فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا۔ شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ۔

(۲) واو عاطفہ، عِنْدَ مضاف الأَرْبَعَةِ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ثَابِتٌ کی ظرف، ثَابِتٌ اسم فاعل کا صیغہ اپنی ظرف سے مل کر خبر مقدم۔ أَيُّمَا اِهَابٍ دُبِـغَ کے الفاظ مبتدا مؤخر خبر مقدم مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

ایُّ مضاف، مَازائدۃ اھاب موصوف۔ دُبِـغَ فعل اپنے ھو نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر ایُّ کا مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا۔ اس کی خبر محذوف ہے۔ فَـقَدْ طَهُرَ، فا جزائیہ۔ (اس لیے کہ مبتدا میں شرط کا معنی موجود ہے) قَدْ حرف تحقیق، طَهُـرَ فعل فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بن کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فائدہ :...... وہ ایُّ جو اسم موصول ہو بمعنی الَّذِی۔ اس کی چار حالتیں ہیں:

۱: مضاف ہو اور اس کا صدر صلہ بھی مذکور ہو جیسے:

يُعْجِبُنِي أَيُّهُمْ هُوَ قَائِمٌ۔

۲: نہ یہ مضاف ہو نہ ان کا صدر صلہ مذکور ہو۔ جیسے:

يُعْجِبُنِي اَيٌّ قَائِمٌ۔

۳: ایُّ مضاف نہ ہو اور اس کا صلہ صدر مذکور ہو۔ جیسے:

يُعْجِبُنِي اَيٌّ هُوَ قَائِمٌ۔

۴: اَيٌّ مضاف ہو اور اس کا صدر صلہ مذکور نہ ہو۔ جیسے:

يُعْجِبُنِى اَيُّهُمْ قَائِمٌ۔

پہلی تین حالتوں میں اَیٌّ معرب ہوگا اور آخری حالت میں مبنی علی الضم ۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر:۴

وعن سلمةَ بن المُحبّقِ رضی اللّٰه عنه قال قال رسول اللّٰه صلّی اللّٰه علیه وسلّم دِبَاغُ جُلُودِ المیتة طَهُورُهَا. صحَّحهُ ابن حبان.

ترکیب :...... دَبَاغُ مصدر مضاف جُلُودِ مضاف ۔ الْمَيْتَةِ مضاف الیہ جُلُودِ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر دِبَاغُ کا مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا۔ طَهُورُ مضاف ھا مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فائدہ :...... دِبَاغُ مصدر باب دَبَغَ يَدْبُغُ۔ (ن۔ف۔س)

جُلُود ...... جِلْدٌ کی جمع ہے۔

اضافت کی دو قسمیں ہیں معنوی اور لفظی۔ معنوی کی تعریف جس میں مضاف ایسا صفت کا صیغہ نہ ہو جو کہ اپنے معمول کی طرف مضاف ہے۔ اضافت معنوی کی تین صورتیں بنتی ہیں۔

۱: مضاف صفت کا صیغہ نہ ہو۔ (یعنی غیر صفت کا صیغہ ہو) اور نہ اپنے معمول کی طرف مضاف ہو۔ مثلاً غلام زیدٍ۔

۲: مضاف صفت کا صیغہ ہو لیکن اپنے معمول کی طرف مضاف نہ ہو۔ بلکہ غیر معمول کی طرف مضاف ہو۔ جیسے کریم البلد۔

۳: مضاف صفت کا صیغہ نہ ہو اور اپنے معمول کی طرف مضاف ہو۔ مثلاً

ضَرْبُ الْيَوْمِ.

اضافت معنوی کا فائدہ:

اسم کو معرفہ کی طرف مضاف کرنے سے تعریف اور نکرہ کی طرف مضاف کرنے سے تخصیص کا فائدہ ہوتا ہے پہلے کی مثال غلام زید دوسرے کی مثال غلام رجل۔

اضافت لفظی کی تعریف:

صفت کا صیغہ (یعنی اسم فاعل اسم مفعول صفت مشبہ) اپنے معمول کی طرف مضاف ہو۔ خواہ معمول فاعل ہو یا مفعول جیسے ضارب زیدٍ۔

اضافت لفظی کا فائدہ:

اضافت لفظی میں صرف تخفیف کا فائدہ ہوتا ہے۔ تعریف اور تخصیص اس سے حاصل نہیں ہوتی۔ یعنی مفرد میں نون تنوین اور تثنیہ میں نون تثنیہ اور جمع میں نون جمع اضافت کی وجہ سے گر جاتا ہے۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۵

وعن ميمُونَةَ رضى الله عنها قَالَتْ مَرَّ النَّبِيُّ صلّى الله عليه وسلَّم بِشَاةٍ يَجُرُّونَهَا فقال لو أخذتُمْ إِهَابَهَا فقالو إِنَّهَا مَيْتَةٌ فقال يُطَهِّرُهَا الْمَآءُ والقَرَظُ. اخرجه ابو داؤد والنسائى.

ترکیب:

(۱) مَرَّ فعل النَّبِيُّ اس کا فاعل باجارہ۔ شَاةٍ موصوف، يَجُرُّوْنَ فعل فاعل

هَا مفعول، فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بن کر شَاةٍ کی صفت۔ موصوف صفت مل کر با جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق مَـرَّ کے۔ مَرَّ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

(۲) فَا عاطفہ قَالَ فعل فاعل مل کر قول۔ لَوْ شرطیہ، أَخَذْتُمْ فعل فاعل إِهَابَ مضاف هَـا مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط اس کی جزا محذوف ہے وہ یہ ہے لکان خیرا لکم۔ لام تاکید کان فعل ناقص ھو ضمیر پوشیدہ اس کا اسم خیراً اسم تفضیل کا صیغہ ھو ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل لکم جار مجرور مل کر متعلق خیراً کے اسم تفضیل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر کان کی خبر کان اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ بن کر جزاً۔

(۳) فَا عاطفہ قَالُوْا فعل فاعل مل کر قول۔ إِنَّ حرف مشبہ بالفعل هَا اس کا اسم مَيْتَةٌ إِنَّ کی خبر۔ إِنَّ اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر قول کا مقولہ۔ الی اخرہ۔

(۴) فَا عاطفہ، قَالَ فعل فاعل مل کر جملہ بن کر قول۔ يُطَهِّرُ فعل هَا مفعول مقدم الْمَاءُ معطوف علیہ واو عاطفہ الْقَرَظُ معطوف۔ معطوف علیہ۔ اپنے معطوف سے مل کر يُطَهِّرُ کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ الی اخرہ۔

فائدہ :...... مَـرَّ فعل ماضی معلوم باب مَـرَّ يَمُرُّ (ن) ہفت اقسام سے مضاعف ثلاثی۔ يجرون فعل مضارع معلوم۔ باب جَـرَّ يَجُرُّ (ن) ہفت اقسام سے مضاعف ثلاثی۔

مضاعف ثلاثی کی تعریف:

جس کا عین کلمہ اور لام کلمہ ایک جنس کا ہو۔ جیسے سَرَّ مَرَّ جَرَّ۔ ابوداوُد کی رفعی حالت ہے اس لیے کہ یہ أَخْرَجَ کا فاعل ہے اور اس کی رفعی حالت واو کے ساتھ ہے اس لیے کہ یہ اسماء ستہ مکبرہ میں سے ہے اور اسماء ستہ مکبرہ کی رفعی حالت واو سے نصبی الف کے ساتھ جری یا کے ساتھ آتی ہے لیکن یہ اعراب اسماء ستہ پر اس وقت آئے گا جب اس میں یہ چار شرطیں پائی جائیں گی:

۱: مکبرہ ہوں مصغرہ نہ ہوں۔

۲: واحد ہوں تثنیہ جمع نہ ہوں۔

۳: مضاف ہوں۔

۴: ان کی اضافت یائے متکلم کے غیر کی طرف ہو۔ جس وقت اسماء ستہ میں یہ چار شرطیں پائی جائیں تو پھر ان کا اعراب بالحرف آئے گا ورنہ نہیں۔

مثلاً اگر مکبرہ نہ ہوں۔ مصغرہ ہوں تو پھر ان کا اعراب بالحرکت آئے گا۔ جیسے: جَاءَ نِی أُبَیٌّ رَأَیْتُ أُبَیًّا مَرَرْتُ بِأُبَیٍّ اور اگر یہ یائے متکلم کی طرف مضاف ہوں تو پھر ان کا اعراب تقدیری آئے گا۔ جیسے: جَاءَ نِی اَبِیْ رَاَیْتُ اَبِی مَرَرْتُ بِاَبِیْ اور اگر یہ واحد نہ ہوں۔ تثنیہ اور جمع ہوں تو ان کا اعراب وہی آئے گا جو تثنیہ اور جمع کا ہوتا ہے۔ جَاءَ نِی اَبْوَانِ وَاَبَآءٌ . رَاَیْتُ اَبَوَیْنِ وَاَبَاءً مَرَرْتُ بِاَبَوَیْنِ وَاَبَآءٍ . اور اگر یہ مضاف ہی نہ ہوں تو پھر بھی ان کا اعراب بالحرکت آئے گا۔ مثلاً جَاءَ نِیْ اَبٌ رَاَیْتُ اَبًا مَرَرْتُ بِاَبٍ .

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ٦

وعن ثعلبةَ الخُشَنِيِّ رضی اللّٰه عنه قال قُلْتُ یا رسولَ اللّٰه صلّی اللّٰه علیه وسلّم إِنَّا بِأَرْضِ قومٍ اهلِ کتابٍ أفنا کُلُ فِی آنِیَتِهِمْ قال لا تَاکُلُوا فِیهَا الّاَ ان لا تجدُوا غیرهَا فاغسلُوها و کُلُوا فِیهَا. متفق علیه.

ترکیب:

(۱) یَا قائم مقام۔ اَدْعُوا کے، اَدْعُوا فعل فاعل، رَسُولَ اللّٰهِ اس کا مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر نداء۔

(۲) إِنَّ حرف مشبہ بالفعل نَا ضمیر اس کا اسم بَا جار أَرْضِ مضاف قَومٍ موصوف، أَهْلِ مضاف، کِتَابٍ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر قَوْمٍ کی صفت۔ موصوف صفت مل کر اَرْضِ کا مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر با جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق سَاکِنُونَ کے۔ سَاکِنُونَ اسم فاعل کا صیغہ اپنے متعلق سے مل کر إِنَّ کی خبر۔ إِنَّ اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جواب نِدا، نِدا اپنے جواب نِداء سے مل کر مقولہ۔

(۳) ہمزہ استفہامیہ، فَا عاطفہ، نَاکُلُ فعل فاعل فی جار، اٰنِیَةِ مضاف هُمْ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فِیْ جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق نَاکُلُ کے۔ نَاکُلُ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

(۴) قَالَ فعل فاعل۔ فعل فاعل مل کر قول۔ لا تَاکُلُوا فعل فاعل فِیْ

جَارِ ھَا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق لا تاکُلُوا کے۔

إِلَّا حرف استثناء آگے لفظ وَقْتَ محذوف ہے وَقْتَ مضاف أَنْ مصدریہ لاَ تَجِدُوْا فعل فاعل غَیْرَھَا مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر أَنْ کی وجہ سے مصدر کی تاویل میں ہو کر وَقْتَ کا مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر لَا تَاکُلُوا کا مفعول فیہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قول کا مقولہ۔ (الی اخرہ)

(۵) فَاغْسِلُوھَا وَکُلُوا فِیْھَا یہ جزا ہے اور اس کی شرط محذوف ہے۔ إِنْ لَّمْ تَجِدُوْا غَیْرَھَا۔ إِنْ شرطیہ، لَمْ تَجِدُوْا فعل فاعل، غَیْرَ مضاف، ھا مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط۔

فا جزائیہ، اغْسِلُوا فعل فاعل ھَا اس کا مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ۔

واو عاطفہ کُلُوا فعل فاعل فِیْھَا اس کے متعلق۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ معطوف مل کر جزا۔

فائدہ :...... کتاب مصدر، باب کَتَبَ یَکْتُبُ۔ (ن)

کُلُوا فعل امر حاضر معلوم۔ باب اَکَلَ یَأْکُلُ (ن) .ہفت اقسام سے مہموز الفاء۔ قُلْتُ. فعل ماضی معلوم واحد متکلم باب قَالَ یَقُولُ (ن) ہفت اقسام سے اجوف واوی۔ اصل میں قَوَلْتُ تھا اور واو متحرک ہے اور اس سے پہلا حرف مفتوح ہے۔ واو کو الف سے بدل دیا۔ قَالْتُ ہو گیا۔ دو ساکن لام و الف جمع ہوئے الف کو گرا دیا قَلْتُ ہو گیا۔ پھر قاف کے فتحہ کو ضمہ سے بدل دیا تاکہ معلوم

ہو کہ جو حرف گرایا گیا ہے۔ وہ واو تھا قُلْتُ ہو گیا۔ لاَ تَجِدُوا فعل نفی معلوم جمع مذکر حاضر۔ باب وَجَدَ یَجِدُ (ض) ہفت اقسام سے مثال واوی۔ یَجِدُ اصل میں یَوْجِدُ تھا۔ واو واقع ہوئی۔ علامت مضارع مفتوحہ اور کسرہ کے درمیان واو کو گرادیا یَجِدُ ہو گیا۔ اسی طرح تَجِدُوا اصل میں تَوْجِدُوْا تھا۔

اعتراض :...... لاَ تَاْكُلُوْا اس کے آگے الف کیوں لایا ہے۔ یعنی واو جمع کے آگے الف کیوں لایا جاتا ہے؟

جواب:...... للفرق بین واو العطف وواو الجمع فی مثل حضر وقتل (مراح) تاکہ واو عطف اور واو جمع کے درمیان فرق ہو جائے۔ ان جیسی، مثال میں حضر وقتل۔

☆...... ☆...... ☆

حدیث نمبر: ۷

وعن عِمرانَ بنِ حُصَينٍ رضى اللّٰه عنه أَنَّ النَّبِيَّ صلّى اللّٰه عليه وسلَّم واصحابَه تَوَضَّؤُا مِن مزادَةِ امرأةٍ مُشْرِكَةٍ متفق عليه فى حديثٍ طويلٍ.

ترکیب:...... أَنَّ حرف مشبہ بالفعل۔ النَّبِيَّ معطوف علیہ واو عاطفہ۔ أَصْحَابَ مضاف ہٗ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر أَنَّ کا اسم۔ تَوَضَّؤُا فعل فاعل مِنْ حرف جار۔ مَزَادَةِ مضاف، امْرَأَةٍ موصوف مُشْرِكَةٍ صفت موصوف مل کر مَزَادَةِ کا مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مِنْ جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق تَوَضَّؤُا کے۔

فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بن کر أَنَّ کی خبر۔ أَنَّ اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فائدہ :...... صَلّٰی فعل ماضی۔ باب صَلّٰی يُصَلِّيْ (تفعیل)۔ ہفت اقسام سے ناقص واوی۔ تَوَضَّؤُا۔ فعل ماضی معلوم جمع مذکر غائب (تفعل) ہفت اقسام سے مثال واوی اور مہموز اللام۔ عِمْرَانَ اس کی جری حالت ہے۔ کسرہ اس لیے نہیں آیا کہ یہ غیر منصرف ہے۔ ایک سبب اس میں علم اور دوسرا الف نون زائدتان ہے۔

غیر منصرف کی تعریف:

جس میں اسباب منع صرف میں سے دو سبب ہوں یا ایک ہو جو دو کے قائم مقام ہو۔

غیر منصرف کا حکم:

اس پر کسرہ اور تنوین نہیں آتی۔

اعتراض :...... غیر منصرف پر کسرہ اور تنوین کیوں نہیں آتی ؟

جواب :...... اس لیے کہ یہ فعل کے مشابہ ہے تو فعل پر کسرہ اور تنوین نہیں آتی اس لیے غیر منصرف پر بھی نہیں آتی۔

اعتراض :...... غیر منصرف فعل کے ساتھ کس چیز میں مشابہ ہے؟

جواب :...... جس طرح فعل دو فرعوں کا محتاج ہے ایک فاعل کی طرف دوسرا اس کا مشتق ہونا مصدر سے اسی طرح غیر منصرف بھی دو فرعوں کا محتاج ہے وہ اس طرح کہ منع صرف کا ہر ایک سبب فرع ہے مثلاً عدل فرع ہے۔ معدول عنہ کی وصف فرع موصوف کی تانیث فرع ہے۔ تذکیر کی۔ تعریف فرع ہے تنکیر کی (الی

اخرہ) تو جب غیر منصرف دو اسباب کا محتاج ہے تو گویا دو فرعوں کا محتاج ہے کیوں کہ ہر ایک سبب فرع ہے۔ (جامی)

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۸

وعن انس بن مالك رضي اللّٰه عنه أَنَّ قدحَ النَّبيّ صلّى اللّٰه عليه وسلّم انْكَسَرَ فَاتَّخَذَ مكانَ الشَّعبِ سِلْسِلَةً مِنْ فِضَّةٍ، اخرجه البخاري.

ترکیب:...... ان حرف مشبہ بالفعل، قَدَحَ مضاف النَّبِيِّ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر أَنَّ کا اسم إِنْكَسَرَ فعل فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ بن کر أَنَّ کی خبر۔ أَنَّ اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فَا عاطفہ اِتَّخَذَ فعل فاعل۔ مَكَانَ مضاف۔ الشَّعْبِ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر إِتَّخَذَ کا مفعول فیہ سِلْسِلَةً موصوف۔ مِنْ فِضَّةٍ متعلق كَائِنَةً کے ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر إِتَّخَذَ کا مفعول بہ۔ إِتَّخَذَ فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ بن کر اس کا عطف ہو أَنَّ قَدَحَ النَّبِيِّ إِنْكَسَرَ پر۔

فائدہ:...... إِتَّخَذَ فعل ماضی ہفت اقسام سے مہموز الفاء اصل میں اِءْتَخَذَ تھا۔ دو ہمزے اکٹھے آ گئے دونوں میں سے پہلا مکسور ہے دوسرے کو یا سے بدل دیا۔ اِيْتَخَذَ ہو گیا یا باب افتعال کے فا کلمہ میں آئی یا کو شاذ طور پر تا کیا۔ تا کو تا میں ادغام کیا إِتَّخَذَ ہو گیا۔

مکان:...... اسم ظرف باب كَانَ يَكُوْنُ كَوْناً. ہفت اقسام سے

اجوف واوی۔ مَکَانٌ اصل میں مَکْوَنٌ تھا واو کا فتحہ نقل کر کے کاف کو دیا پھر واو اصل میں متحرک تھی۔ اب اس سے پہلے حرف مفتوح ہوا۔ واو کو الف سے بدل دیا مَکَانٌ ہو گیا۔

اعتراض :...... اِنَّ کیا صیغہ ہے؟

جواب :...... اِنَّ کے کئی صیغے بن سکتے ہیں۔

۱: حرف مشبہ بالفعل جیسے اِنَّ زَیدًا قَائِمٌ۔

۲: واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معلوم باب اَنَّ یَـأَنُّ اَنِینًا (ض) ہفت اقسام مہموز الف اور مضاعف ثلاثی (رونا)

۳: فعل ماضی معلوم جمع مؤنث غائب باب آنَ یَـئِیْنُ اَیْنًا (ض) ہفت اقسام مہموز الف اور اجوف یائی۔

۴: جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معلوم باب آنَ یَئِینُ اَیْنًا .

۵: واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول باب اَنَّ یَـأِنُّ اَنِینًا علی لغة من قال رُدُّو حُبَّ رِدَّ وَحِبَّ بالکسر۔

☆...... ☆...... ☆

بَابُ إزَالَةِ النَّجَاسَةِ وَبَيَانِهَا

حدیث نمبر: ۱

عن انس بن مالك رضى الله عنه قال سُئِل رَسُوْلُ اللّٰهِ صلّى اللّٰه عليه وسلَّم عَنِ الْخَمْرِ تُتَّخَذُ خَلًّا قال لَا . اخرجه مسلمٌ والترمذيُّ وقال حديث حسن صحيح.

ترکیب:

(۱) بَابُ مضاف إِزَالَةِ مضاف النَّجَاسَةِ مضاف الیہ۔ إِزَالَةِ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف علیہ۔ واو عاطفہ بَيَان مصدر مضاف هَا مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر هَذَا محذوف مبتدا کی خبر۔ الی اخرہ۔

(۲) سُئِلَ فعل مجہول رَسُوْلُ مضاف لفظ اللہ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر سُئِلَ کا نائب فاعل۔ عَنْ حرف جار اَلْخَمْرِ ذوالحال، تُتَّخَذُ فعل اس میں بھی ضمیر پوشیدہ اس کا نائب فاعل خَلًّا اس کا مفعول۔ فعل اپنے نائب فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ بن کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر عَنْ جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق سُئِلَ کے۔ سُئِلَ فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ قَالَ فعل فاعل مل کر قول۔

لَا حرف ایجاب مقولہ۔ قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

(۳) قَالَ فعل فاعل مل کر قول۔ حَدِیْثٌ موصوف حَسَنٌ صفت اول۔ صَحِیْحٌ صفت ثانی۔ موصوف اپنی دونوں صفتوں سے مل کر ھٰذَا محذوف مبتدا کی خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فائدہ :......إِزَالَةٌ: مصدر باب اَزَالَ یُزِیْلُ اِزَالَةً (افعال) ہفت اقسام سے اجوف واوی۔ إِزَالَةٌ اصل میں اِزْوَالٌ تھا۔ واو کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ اب واو اصل میں متحرک تھی۔ ماقبل اس کا مفتوح ہوا۔ واو کو الف کیا پھر اجتماع ساکنین سے الف گر گیا اور اس کے عوض میں تا آخر میں لائے إِزَالَةٌ ہوگیا۔

الخمر :......اسم جنس ہے۔

خَلًّا :......اسم جنس ہے اس کی جمع اَخُلٌّ اور خِلَالٌ آتی ہے۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر:۲

وعنهُ قال لمَّا كان يومُ خيبَرَ أَمَرَ رسولُ اللّٰه صلّى اللّٰه عليه وسلَّم أَبَا طلحَةَ فنادى أَنَّ اللّٰهَ ورسولَهُ يَنْهَيَانِكُمْ عَنْ لُحومِ الحُمُرِ الأَهْلِيَّةِ فَإِنَّهَا رِجْسٌ. متفق عليه.

ترکیب:

(۱) لَمَّا ظرفیہ مضاف کَانَ فعل تامہ یَومُ مضاف خَیْبَرَ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر کَانَ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بن کر مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ سے مل کر اَمَرَ کی ظرف مقدم۔

أَمَرَ فعل رَسُولُ مضاف اللّٰهِ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ

سے مل کر أَمَرَ کا فاعل أَبَا مضاف طَلْحَةَ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر أَمَرَ کا مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول اور ظرف مقدم سے مل کر جمل فعلیہ خبریہ۔ فَا عاطفہ نَادَی فعل فاعل أَنَّ حرف مشبہ بالفعل۔ لفظ اللّٰہَ معطوف علیہ۔ واو عاطفہ رَسُولَ مضاف ہٗ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف۔ معطوف علیہ معطوف مل کر أَنَّ کا اسم۔ یَنْهَیَان فعل فاعل کُمْ مفعول عَنْ جار لُحومِ مضاف الْحُمُرِ موصوف۔ الأَهْلِيَّةِ صفت موصوف صفت مل کر لُحُومِ کا مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر عن جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق یَنْهَیَان کے۔ یَنْهَیَان فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بن کر أَنَّ کی خبر۔ أَنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ بن کر مفرد کی تاویل میں ہو کر نَادَی کا مفعول۔ نَادَی فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اس کا عطف ہوا۔ أَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ پر یعنی أَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ معطوف علیہ اور یہ جملہ معطوف ہے۔

(۲) فَا تعلیلیہ إِنَّ حرف مشبہ بالفعل هَا اس کا اسم رِجْسٌ اس کی خبر إِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ۔

فائدہ :...... لُحُوم : جمع لَحْمٌ کی ہے۔

الحُمُر : جمع حِمَارٌ کی اور حِمَارٌ کی جمع حَمِيْرٌ اور حُمُوْرٌ بھی آتی ہے۔ نَادَی: فعل ماضی ہفت اقسام سے ناقص واوی اور یائی دونوں صحیح ہے۔ باب نَادیٰ يُنَادِیْ۔ (مفاعلہ)

الاَهْلِيَّةِ: اسم منسوب ہے۔ أَهْلٌ اسم جنس تھا اور اس کے آگے یا نسبت کی لائی گئی ہے اور تا تانیث کی جیسے بغداد سے بغدادی اور بغدادیة۔

أَمَرَ: فعل ماضی باب اَمَرَ يَأْمُرُ (ن) مهموز الفاء۔

حدیث نمبر:۳

وعن عمرو بن خارجة رضی اللّٰه عنه قال خَطَبَنَا رسُوْلُ اللّٰهِ صلّی اللّٰه علیه وسلّم بِمنیً وهو علی رَاحِلَتِهٖ ولُعابُهَا یَسِیْلُ علی کتفی اخرجهٗ احمد والترمذی وصححه.

ترکیب: ...... خَطَبَ فعل ماضی نا ضمیر متکلم کی مفعول رَسُوْلُ مضاف لفظ اللہ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ذوالحال۔ بَا جار مِنیً مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق خَطَبَ کے واو حالیہ هُوَ مبتدا۔ عَلٰی حرف جار۔ رَاحِلَةِ مضاف ہٖ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ذوالحال۔ واو حالیہ لُعَابُ مضاف هَا مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا۔ یَسِیْلُ فعل فاعل عَلٰی جار کَتِفِ مضاف مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر عَلٰی جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق یَسِیْلُ کے۔ یَسِیْلُ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ بن کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ بن کر حال رَاحِلَتِهٖ کا۔ ذوالحال اپنے حال سے مل عَلٰی جار کا مجرور جار مجرور مل کر متعلق ثابت ہوکر هُوَ مبتدا کی خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ بن کر رَسُوْلُ اللّٰهِ سے حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر خَطَبَ کا فاعل۔ خَطَبَ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فائدہ: ...... یَسِیْلُ فعل مضارع معلوم باب سَالَ یَسِیْلُ (ض) ہفت اقسام سے اجوف یائی یَسِیْلُ اصل میں یَسْیِلُ تھا یا مکسور ماقبل صحیح ساکن یا کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی یَسِیْلُ ہو گیا۔

تَعَالٰی فعل ماضی باب تَعَالٰی یَتَعَالٰی (تفاعل) ہفت اقسام سے ناقص

واوی۔ تَعَالیٰ اصل میں تَعَالَوَ تھا۔ واو واقع ہوئی چوتھی جگہ پر واو کو یا کیا تَعَالَیَ ہو گیا اب یا متحرک ہے ماقبل مفتوح یا کو الف کیا تَعَالٰی ہو گیا۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر:۴

وعن عائشة رضي اللّٰه عنها قالت كان رَسُوْلُ اللّٰهِ صلّى اللّٰه عليه وسلَّم يَغْسِلُ الْمَنِيَّ ثم يَخْرُجُ الى الصلوٰةِ في ذلك الثَّوبِ وَاَنَا اَنْظُرُ اِلٰى اَثَرَ الْغَسَلِ فيه. متفق عليه ولمسلم لقد كُنْتُ اَفْرُكُهُ من ثَوْبِ رسولِ اللّٰه صلّى اللّٰه عليه وسلَّم فَرْكًا فَيُصَلِّي فيه. وفي لفظ له لقد كنتُ احكُّهُ يابسًا بظفِري مِنْ ثوبه.

ترکیب:...... كَانَ فعل ناقص رَسُوْلُ اللّٰهِ اس کا اسم يَغْسِلُ فعل فاعل الْمَنِيَّ مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ بن کر معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ يَخْرُجُ فعل فاعل إِلٰى جار الصَّلَاةِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق يَخْرُجُ۔ فِيْ جار ذٰلِكَ اسم اشارہ الثَّوبِ مشار الیہ۔ اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر ذو الحال واو حالیہ أَنَا مبتدا أَنْظُرُ فعل فاعل إِلٰى جار اَثَرَ مضاف الغَسْلِ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر الٰی جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق أَنْظُرُ کے۔ فِيْ جارہ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق أَنْظُرُ کے أَنْظُرُ فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلقوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَنَا مبتدا کی خبر۔

مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال ذو الحال حال مل کر فی جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق يَخْرُجُ کے۔ يَخْرُجُ فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلقوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر كَانَ

کی خبر۔ کَانَ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

واو عاطفہ لام حرف جار مُسْلِم مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثَابِتٌ کے ثَابِتٌ اسم فاعل کا صیغہ اپنے متعلق سے مل کر خبر مقدم لَقَدْ كُنْتُ أَفْرُكُهُ مِنْ ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ...... الی آخرہ یہ الفاظ مبتدا مؤخر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

لام تاکید قد حرف تحقیق کان فعل ناقص تُ ضمیر اس کا اسم۔ أَفْرُكُ فعل فاعل ہٗ مفعول بہ مِنْ حرف جار ثَوبِ مضاف رَسُولِ مضاف لفظ اللّٰهِ مضاف الیہ رَسُولِ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ثَوبِ کا مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مِنْ کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق أَفْرُكُ کے۔ فَرْكاً مفعول مطلق۔ أَفْرُكُ فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بن کر کان کی خبر۔ کان اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ فا عاطفہ يُصَلِّيْ فعل فاعل فیہ متعلق يُصَلِّيْ کے يُصَلِّيْ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فِيْ جار لفظ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثَابِتٌ کے۔ لام جارہ مجرور، جار مجرور مل کر متعلق ثَابِتٌ کے۔ ثَابِتٌ اپنے دونوں متعلقوں سے مل کر خبر مقدم لَقَدْ كُنْتُ أَحُكُّهُ...... الی آخرہ یہ الفاظ مبتدا مؤخر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

لام تاکید قَدْ حرف تحقیق کان فعل ناقص تُ ضمیر اس کا اسم أَحُكُّ فعل فاعل ہٗ ذوالحال يَابِسًا حال۔ ذوالحال حال مل کر أَحُكُّ کا مفعول بہ بِظُفْرِیْ متعلق أَحُكُّ کے۔ مِنْ ثَوْبِهِ بھی متعلق أَحُكُّ کے۔...... أَحُكُّ فعل اپنے فاعل اور مفعول اور دونوں متعلقوں سے مل کر جملہ بن کر کَانَ کی خبر کَانَ اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فائدہ :...... الصلاۃ : اسم مصدر باب صَلّٰى يُصَلِّيْ (تفعیل) ہفت

اقسام سے ناقص واوی۔ مُتَّفِقٌ: اسم مفعول باب اِتَّفَقَ يَتَّفِقُ اتْفَاقًا۔ ہفت اقسام سے مثال واوی۔ متفق اصل میں مُوْتَفَقٌ تھا بروزن مُكْتَسَبٌ واو واقع ہوئی باب افتعال کے فا کلمہ میں واو کو تا کیا تا کو تا میں ادغام کیا۔ متفق ہو گیا۔

اَحُكُّ: فعل مضارع واحد متکلم باب حَكَّ يَحُكُّ (ن) ہفت اقسام سے مضاعف ثلاثی۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۵

عَن ابی السمح رضی اللّٰه عنه قال قال رَسُوْلُ اللّٰهِ صلّی اللّٰه علیه وسلَّم ، يُغْسَلُ مِنْ بَوْلِ الجارِيَةِ ويُرَشُّ من بَوْلِ الغُلَامِ. اخرجه ابو داوٗد والنسائی وصححه الحاكم.

يغسل فعل مجہول اس میں ھو ضمیر نائب فاعل من حرف جار بول مضاف الجارية مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر متعلق يغسل کے فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

نوٹ:...... ان دونوں جملوں کی ترکیب ایک اور طریقے سے بھی ہو سکتی ہے۔ اور وہ اس طرح يُغْسَلُ فعل مجہول اور مِنْ بَوْلِ الْجَارِيَةِ اس کا نائب فاعل اگلی بھی اسی طرح ہے۔ ایک اور ترکیب بھی ہو سکتی ہے:

يغسل فعل مجہول من زائدہ بول الجارية نائب فاعل۔

فائدہ:...... بَوْلٌ: مصدر باب بَالَ يَبُوْلُ بَوْلًا (ن) ہفت اقسام سے اجوف واوی۔ يُرَشُّ: فعل مضارع مجہول باب رَشَّ يَرُشُّ (ن) ہفت اقسام سے مضاعف ثلاثی۔

حدیث نمبر:٦

وعن اسماء بنت ابی بکر رضی اللّٰہ عنهما أَنَّ النَّبِيَّ صلّی اللّٰہ علیه وسلَّم قال فی دم الحیض يُصِيبُ الثوب تحته ثم تقرصه بالماء ثم تنضحه ثم تصلی فیه. متفق علیه.

ترکیب:...... أَنَّ حرف مشبہ بالفعل النَّبِيَّ اس کا اسم قَالَ فعل فاعل فِيْ جار۔ دَمِ مضاف الْحَيْضِ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ذوالحال۔

يُصِيْبُ فعل فاعل الثَّوْبَ مفعول۔ يُصِيْبُ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بن کر حال۔ ذوالحال حال مل کر فِـي جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق قَالَ کے۔ قَالَ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ بن کر قول۔ تَـحُتُّ فعل فاعل ہٗ مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ بن کر معطوف علیہ۔ ثُمَّ عاطفہ تَقْرِصُ فعل فاعل ہٗ مفعول بَا جار الـمَاءِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق تَـقْرُصُ کے۔ تَـقْرُصُ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ بن معطوف اول ثُمَّ عاطفہ تَـنْـضَحُ فعل فاعل ہٗ مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ بن کر معطوف ثانی۔ ثُمَّ عاطفہ تُـصَلِّي فعل فاعل فِيْهِ جار مجرور مل کر متعلق تُصَلِّي کے تُصَلِّي فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ بن کر معطوف ثالث۔

معطوف علیہ اپنے تینوں معطوفوں سے مل کر قول کا مقولہ۔ قول مقولہ مل کر أَنَّ کی خبر۔ أَنَّ اپنے اسم خبر سے جملہ اسمیہ خبریہ۔

فائدہ:...... الـحَـيْـض: یہ اسم جنس ہے اور جس حیض کا معنی ماہواری کا

خون جاری ہونا ہے وہ مصدر ہے باب حَاضَ يَحِيضُ (ض) ہفت اقسام سے اجوف یائی۔

يُصِيْبُ: اصل میں يُصْوِبُ تھا۔ واو مکسور اور اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے واو کی حرکت ماقبل کو دی۔ اب واو ساکن ہوگئی۔ ماقبل اس کا مکسور ہوا واو کو ماقبل کی مناسبت کی وجہ سے یا کر دیا يُصِيْبُ ہوگیا۔

تُصَلِّي: واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم۔ باب صَلّٰى يُصَلِّي (تفعیل) ہفت اقسام سے ناقص واوی۔

تَحُتُّ: واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم باب حَتَّ يَحُتُّ (ن). ہفت اقسام سے مضاعف ثلاثی۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۷

وعن ابی هريرة رضى اللّٰه عنه قال قالت خولةُ يا رَسُولَ اللّٰه صلّى اللّٰه عليه وسلّم فَإِن لم يذهبِ الدَّمُ قال يكفيكِ الماءُ ولا يضرُّكِ أَثرُهُ. اخرجه الترمذى وسنده ضعيفٌ.

ترکیب:

قَالَ فعل فاعل مل کر جملہ بن کر قول قَالَتْ فعل خَولَةُ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بن کر قول ثانی۔

يَا قائم مقام اَدْعُو کے۔ اَدْعُو فعل فاعل رَسُولَ اللّٰهِ اس کا مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر ندا، فَا تفسیریہ إِنْ حرف شرط لَمْ يَذْهَبْ فعل الدَّمُ فاعل۔ فعل فاعل مل کر جملہ بن کر شرط۔ اس

کی جزامحذوف ہے۔ فَمَا إِفْعَل فَا جزائیہ ما استفہامیہ مبتدا إِفْعَلْ فعل فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ بن کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر جزا۔ شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ بن کر جواب نداء۔ ندا جواب ندا مل کر جملہ ندائیہ انشائیہ قَالَ فعل فاعل مل کر جملہ بن کر قول۔ یَکْفِی فعل لِکَ ضمیر اس کا مفعول مقدم۔ الْمَاءُ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ۔

واو عاطفہ لَا یَضُرُّ فعل۔ لِکَ ضمیر اس کا مفعول مقدم۔ أَثَرُ مضاف ہٗ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر لَا یَضُرُّ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ، معطوف مل کر مقولہ۔ (الی اخرہ)

واو عاطفہ سَنَدُہٗ مبتدا ضَعِیفٌ خبر۔

فائدہ :...... یَکْفِی: فعل مضارع معلوم باب کَفٰی یَکْفِیْ (ض)۔ ہفت اقسام سے ناقص یائی۔

لَا یَضُرُّ: فعل نفی معلوم باب ضَرَّ یَضُرُّ (ن) ہفت اقسام سے مضاعف ثلاثی۔

ضَعِیْفٌ: صفت مشبہ باب ضَعَفَ یَضْعُفُ (ن ک)

☆......☆......☆

بَابُ الوُضُوءِ

حدیث نمبر: ۱

عن ابی هريرة رضی الله عنه عن رسول الله صلّى الله عليه وسلّم انّهٗ قال لولا ان أَشُقَّ على امّتِي لامرتُهُم بِالسِّواكِ مع كُلِّ وُضُوءٍ. اخرجه مالكٌ واحمدُ والنّسائيُّ وصحّحه ابن خزيمة وذكره البخاری تعليقا.

ترکیب:

(۱) أَنَّ حرف مشبہ بالفعل ہٗ اس کا اسم قَالَ فعل فاعل مل کر جملہ بن کر قول لَولا شرطیہ أَنْ مصدریہ أَشُقَّ فعل فاعل عَلٰی جار أُمَّةِ مضاف یْ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر عَلٰی جار کا مجرور، جار مجرور مل کر متعلق أَشُقَّ کے۔ أَشُقَّ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر أَنْ کی وجہ سے مصدر کی تاویل میں ہو کر مبتدا اس کی خبر مَوجودةٌ محذوف ہے۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر شرط لام تاکید أَمَرْتُ فعل فاعل هُمْ مفعول بَا جار سواكِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق أَمَرْتُ کے مع مضاف الیہ کل مضاف و ضوء مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ مل کر مع کا مضاف الیہ مَعَ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ أَمَرْتُ کا۔ أَمَرْتُ فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا۔ شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہو کر قول کا مقولہ۔ قول مقولہ مل کر أَنَّ کی خبر أَنَّ اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

(۲) ذَکَرَ فعل ہٗ ذوالحال البُخَارِیُّ اس کا فاعل تَعْلِیْقًا حال۔ ذوالحال حال مل کر ذکر کا مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فائدہ:...... وُضُوْء: اسم مصدر باب تَوَضَّأَ یَتَوَضَّأُ (تفعل) ہفت اقسام مثال واوی اور مھموز اللام۔ اَشُقُّ۔ واحد متکلم فعل مضارع معلوم باب شَقَّ یَشُقُّ (ن) ہفت اقسام سے مضاعف ثلاثی۔

سِوَاكٌ: اسم مصدر باب اِسْتَاكَ یَسْتَاكُ اِسْتِیَاكًا (استفعال)۔ تَسَوَّكَ یَتَسَوَّكُ (تفعل) بن سکتا ہے۔ ہفت اقسام سے اجوف واوی سواك کی جمع سُوْكٌ وَاَسْوِكَةٌ آتی ہے۔ لفظ سواك اسم آلہ بھی استعمال ہوتا ہے۔ تَعلِیْقا۔ مصدر عَلَّقَ یُعَلِّقُ (تفعیل) ہفت اقسام صحیح۔

☆...... ☆...... ☆

حدیث نمبر: ۲

وعن حُمران مولی عثمان رضی اللّٰه عنه أَنَّ عُثْمَانَ دعا بوضوءٍ فغسل کَفَّیهِ ثَلَاثَ مرات ثم تمضمض و استنشق و استنثر ثم غسل وَجْهَهٗ ثلٰث مرَّاتٍ ثم غسل یدہٗ الیُمنی الی المرفَقِ ثلاث مرَّات ثم الیسریٰ مِثْلَ ذٰلِكَ ثم مَسَحَ براسه ثُمَّ غسل رجله الیُمنی إلٰی الکعبین ثلاث مرات ثم الیسریٰ مِثْلَ ذٰلِكَ ثم قال رایتُ رسُول اللّٰه صلّی اللّٰه علیه وسلّم تَوَضَّأَ نَحو وضوئی هذا. متفق علیه.

ترکیب:...... أَنَّ حرف مشبہ بالفعل عُثْمَانَ اس کا اسم دَعَا فعل فاعل

با جار و ضوء مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق دَعَا کے۔ دَعَا فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ بن کر معطوف علیہ۔

فا عاطفہ غَسَلَ فعل فاعل کَفَّی مضاف ہٖ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر غَسَلَ کا مفعول بہ۔ ثَلٰثَ مضاف ممیز مَرَّاتٍ تمیز مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر غَسَلَ کا مفعول مطلق۔ فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ بن کر معطوف اول ثُمَّ عاطفہ تَمَضْمَضَ فعل فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ بن کر معطوف ثانی۔ واو عاطفہ استنشق فعل فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ بن کر معطوف ثالث۔ واو عاطفہ اسْتَنثَرَ فعل فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ بن کر معطوف رابع۔ ثُمَّ عاطفہ غَسَلَ فعل فاعل وَجْهَهٗ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول بہ۔ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ مفعول مطلق۔ فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ بن کر معطوف خامس۔ ثُمَّ عاطفہ غَسَلَ فعل فاعل یَدَ مضاف ہٗ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ سے مل کر موصوف الیُمْنَی ،صفت۔ موصوف صفت مل کر مفعول بہ۔ اِلَی الْمَرَافِقِ متعلق غَسَلَ کے۔ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ مفعول مطلق فعل اپنے فاعل اور متعلق اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ بن کر معطوف سادس۔ ثُمَّ عاطفہ الیُسْرى فعل محذوف غَسَلَ کا مفعول بہ۔ مِثْلَ مضاف ذٰلِكَ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول مطلق غَسَلَ فعل محذوف کا۔ فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ بن کر معطوف سابع۔ ثَمَّ عاطفہ مَسَحَ فعل فاعل با جار رَأْسِ مضاف ہٖ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ سے مل کر با جار کا مجرور جار مجرور مل کر متعلق مَسَحَ کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ بن کر معطوف ثامن۔ ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَهٗ الْيُمْنَى إِلَى الْكَعْبَيْنِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ . (یہ ترکیب غَسَلَ یَدَہٗ الْيُمنى

اِلَى الْمِرْفَقِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ کی طرح ہے۔) جملہ بن کر معطوف تاسع ثُمَّ الْيُسْرَى مِثْلَ (یہ ترکیب پیچھے اسی حدیث میں گزر چکی ہے۔) جملہ بن کر معطوف عاشر معطوف علیہ اپنے دس معطوفوں سے مل کر معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ قال فعل فاعل مل کر قول: رَأَيْتُ فعل فاعل رَسُولَ اللّٰهِ ذوالحال تَوَضَّأَ فعل فاعل نَحْوَ مضاف وُضُوْ مضاف ي ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر موصوف هٰذَا صفت موصوف صفت مل کر نَحْو کا مضاف الیہ۔ نَحْو مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر تَوَضَّأَ کا مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بن کر رَسُولَ اللّٰهِ سے حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر رَأَيْتُ کا مفعول رَأَيْتُ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ بن کر قول قول مقولہ مل کر معطوف۔

معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر أَنَّ کی خبر أَنَّ اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فائدہ :...... دَعَا: فعل ماضی دَعَا يَدْعُوْ (ن)۔ ہفت اقسام سے ناقص واوی۔

تَمَضْمَضَ: فعل ماضی باب تَمَضْمَضَ يَتَمَضْمَضُ (تفعل) ہفت اقسام سے مضاف رباعی مزید فیہ۔

ثلث مرات کو مفعول مطلق بنایا گیا ہے۔ یہ صفت ہے اس کا موصوف پوشیدہ ہے غَسْلًا موصوف صفت مل کر مفعول مطلق ہے۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر:۳۰

وعن عليٍّ رضى اللّٰه عنه في صفة وُضُوءِ النبى صلّى اللّٰه عليه

وسلّم قال ومسح براسه واحدةً. اخرجه ابو داود اخرج النسائی والترمذی باسناد صحیحٍ بل قال الترمذیُّ إِنَّهُ اصحُّ شَئٍ فی الباب.

ترکیب:...... عَنْ جار عَلٰی مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق رُوِیَ کے، فِیْ جار صِفَةِ مضاف وُضُوءِ مضاف النَّبِیِّ مضاف الیہ۔ وُضُوءِ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر صِفَةِ کا مضاف الیہ صِفَةِ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فِیْ جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق رُوِیَ کے قَالَ فعل فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ بن کر قول۔ واو عاطفہ مَسَحَ فعل فاعل بَا جار رَأْسِ مضاف ہٖ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر بَا جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق مَسَحَ کے وَاحِدَةً مفعول مطلق مَسَحَ کا مَسَحَ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اس سے پہلے جو وضوء کا طریقہ ہے وہ جملہ محذوف معطوف علیہ۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر قول کا مقولہ قول مقولہ مل کر رُوِیَ کا نائب فاعل۔ رُوِیَ فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فائدہ:...... صِفَةٌ: مصدر باب وَصَفَ یَصِفُ (ض) ہفت اقسام سے مثال واوی۔ صِفَةٌ اصل میں وِصْفٌ تھا۔ قانون یہ ہے کہ واو فِعْلٌ کے وزن پر مصدر کے فا کلمہ میں واقع ہو اور اس واو کی تعلیل مضارع میں ہو چکی ہو اس واو کو حذف کر کے اس کے بدلے آخر میں تا لے آتے ہیں۔ اسی قانون کے مطابق وِصْفٌ بھی صِفَةٌ ہو گیا۔

شَیْءٌ: مصدر باب شَاءَ یَشَاءُ (ف) ہفت اقسام سے اجوف یائی اور مہموز اللام۔

رَضِیَ: فعل ماضی باب رَضِیَ یَرْضٰی (س) ہفت اقسام سے ناقص واوی۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر:۱۴

وعن عبداللّٰه بن زيد بن عاصمٍ رضى اللّٰه عنه فى صفة الوضوء قال ومَسَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صلّى اللّٰه عليه وسلم برأسِهٖ فَاَقْبَلَ بِيَدَيْهِ وَاَدْبَرَ. متفق عليه وفى لفظٍ لَّهُمَا لهُمَا بَدَاَ بمُقَدَّمِ راسهٖ حتّٰى ذهب بهما الى قفاهُ ثم ردَّهُمَا حتّٰى رَجَعَ الى المكانِ الَّذِى بَدَاَ مِنْهُ.

ترکیب:

(۱) عَنْ جار عَبْدِ مضاف لفظ اللّٰهِ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر موصوف۔ اِبنِ مضاف، زیدٍ موصوف اِبنِ مضاف عَاصِمٍ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر زَیدٍ کی صفت۔ موصوف صفت مل کر اِبن کا مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر عَبْدِاللّٰہِ کی صفت۔ موصوف صفت مل کر عَنْ جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق رُوِیَ کے۔ فِیْ جار صِفَةِ مضاف الوُضُوءِ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فِی جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق رُوِیَ کے۔ قَالَ فعل فاعل مل کر جملہ بن کر قول۔ واو عاطفہ مَسَحَ فعل رَسُولُ مضاف لفظ اللہ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مَسَحَ کا فاعل۔ بِرَأسِهٖ متعلق مَسَحَ کے مَسَحَ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر

جملہ فعلیہ خبریہ بن کر معطوف علیہ فا عاطفہ أَقْبَلَ فعل فاعل بَـا جار یَدْی مضاف ہٖ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر بَـــا جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق أَقْبَلَ کے۔ أَقْبَلَ اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بن کر معطوف اول واو عاطفہ أَدْبَـرَ فعل فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بن کر معطوف ثانی۔ معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں سے مل کر معطوف اس سے جو پہلے وُضُـــوء کا طریقہ بیان ہے وہ محذوف جملہ معطوف علیہ معطوف علیہ معطوف مل کر قول کا مقولہ۔ قول مقولہ مل کر رُوِیَ کا نائب فاعل۔ رُوِیَ فعل اپنے نائب فاعل اور دونوں متعلقوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

(۲) واو عاطفہ فِـیْ جار لفظ اللہ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثَـابِـتٌ کے لام جار هُـمَا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثَـابِـتٌ کے ثَـابِتٌ اپنے دونوں متعلقوں سے مل کر خبر مقدم۔ بَـدَأَ بِـمُقَدَّمِ رَأْسِـهٖ ...... یہ الفاظ مبتدا مؤخر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

(۳) بَدَاءَ فعل فاعل بَـا جار مُـقَدَّمِ مضاف رَأْس مضاف ہٖ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مُقَدَّمِ کا مضاف الیہ۔ مُقَدَّمِ اپنے مضاف الیہ سے مل کر بَا جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق بَدَأَ کے۔ بَدَأَ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بن کر معطوف علیہ۔ حَتّٰی عاطفہ ذَهَبَ فعل فاعل بِهِمَا اور إِلٰی قَفَاهُ یہ دونوں ذَهَبَ کے متعلق۔ ذَهَبَ فاعل اپنے فعل اور دونوں متعلقوں سے مل کر پھر معطوف علیہ۔ ثُمَّ عاطفہ رَدَّ فعل فاعل هُـمَـا مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بن کر معطوف علیہ حَتّٰی عاطفہ رَجَعَ فعل فاعل

اِلٰی جار، الْمَکَان موصوف الَّذِی اسم موصول، بَدَأَ فعل فاعل مِنْهُ اس کے متعلق۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بن کر الَّذِی کا صلہ۔ موصول صلہ مل کر الْمَکَانَ کی صفت۔ موصوف صفت مل کر اِلٰی جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق رَجَعَ کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ بن کر معطوف۔ معطوف علیہ معطوف مل کر پہلے معطوف علیہ کا معطوف۔ معطوف علیہ معطوف مل کر جملہ معطوفہ۔

فائدہ:...... بَدَأَ: فعل ماضی باب بَدَأَ یَبْدَأُ (ف) ہفت اقسام سے مھموز اللام۔
رَدَّ: فعل ماضی باب رَدَّ یَرُدُّ ہفت اقسام سے مضاف ثلاثی۔

صفت کی تعریف:

صفت وہ تابع ہے جو متبوع (یعنی موصوف) کی اچھی یا بری حالت کو ظاہر کر دے جیسے جَاءَنِی رَجُلٌ فَاضِلٌ اس مثال میں فاضل نے رَجُلٌ متبوع (یعنی موصوف) کی فضیلت کی حالت کو ظاہر کر دیا۔ یا متبوع (یعنی موصوف) کے متعلق کی حالت کو ظاہر کرے جیسے جَاءَنِی رَجُلٌ عَالِمٌ اَبُوہ اس مثال میں عَالِمٌ نے أَبُوہُ کی علمی حالت کو ظاہر کیا ہے جو رَجُلٌ متبوع (یعنی موصوف) کا متعلق ہے۔

پہلی مثال کی ترکیب:

جَاءَ فعل نون وقایہ ی ضمیر متکلم کی مفعول مقدم رجل موصوف فاضل صفت۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر جَاءَ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

دوسری مثال کی ترکیب:

جَاء فعل نون وقایہ ی ضمیر متکلم کی مفعول مقدم رجل موصوف عالم اسم فاعل کا صیغہ ابو مضاف ہ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر عالم کا فاعل۔ اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر رجل کی صفت۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر جَاء کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

اعتراض :...... اسم فاعل فعل والا عمل کب کرتا ہے یعنی جس طرح فعل فاعل کو رفع اور مفعول کو نصب دیتا ہے اسی طرح کا عمل اسم فاعل کب کرتا ہے؟

ترکیب:...... اِذَا حرف شرط تَغَوَّطَ فعل اَلرَّجُلَان فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط فَا جزائیہ لِیَتَوَارَ فعل کُلُّ مضاف وَاحِدٍ موصوف مِنْھُمَا جار مجرور مل کر متعلق کائنٍ کے ہو کر صفت موصوف صفت مل کر مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر فاعل عَنْ جار صَاحِبِ مضاف ہٖ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ۔ واو عاطفہ لَا یَتَحَدَّثَا فعل ھُمَا فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ

معطوف مل کر جزا شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ۔

فَ تعلیلیہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل لفظ اَللّٰہُ اسم یَمْقُتُ فعل ھُوَ فاعل عَلٰی جار ذٰلِكَ مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ۔

واو عاطفہ صَحَّحَ فعل ہٗ ذوالحال واو حالیہ ھُوَ مبتدا معلول خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال ذوالحال حال مل کر مفعول ابنُ السَّکَنِ معطوف علیہ واو عاطفہ ابْنُ الْقَطَّان معطوف معطوف علیہ معطوف مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فائدہ:......تَغَوَّطَ: ماضی معروف باب تَغَوَّطَ یَتَغَوَّطُ (تفعل) اجوف واوی۔ لِیَتَوَارَ واحد مذکر غائب فعل امر غائب معروف باب تَوَارٰی یَتَوَارٰی (تفاعل) لفیف مفروق۔ اصل میں تھا۔ یَتَوَارَیُ یا متحرک ما قبل مفتوح یا کو الف کیا بن گیا یَتَوَارٰی پھر لام امر نے الف کو گرایا بن گیا لِیَتَوَارَ۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۷

قَالَ رسول اللّٰہ صلَّی اللّٰہ علیہ وسلم لا یَمَسَّنَّ اَحدُکُمْ ذکرہٗ بیمینہ وھو یبول ولا یتمسَّح من الخلاءِ بیمینہِ ولا یتنفَّسُ فی الاناءِ متفق علیہ. واللفظ لمسلم.

ترکیب:...... لَا یَمَسَّنَّ فعل نہی اَحَدُکُمْ مضاف مضاف الیہ مل کر ذوالحال واو حالیہ ھُوَ مبتدا یَبُوْلُ فعل ھُوَ فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال ذوالحال حال مل کر فاعل۔ ذَکَرَ

مضاف ہ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول بَا جار یَمِیْنِ مضاف ہ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

واو عاطفہ لَا یَتَمَسَّحْ فعل نہی ھُوَ فاعل مِنْ جار الْخَلَاءِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ بَا جار یَمِیْنِ مضاف ہ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلقوں سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

واو عاطفہ لَا یَتَنَفَّسْ فعل نہی ھُوَ فاعل فِیْ الْاِنَاءِ جار مجرور۔ مل کر متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔ ان دونوں جملوں کا عطف لَا یَمَسَّنَّ اَحَدُکُمْ پر ہے۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۸

لقد نَهَانَا رسول اللّٰه صلّی اللّٰه علیه وسلم ان نستقبل القلبة لغائطٍ او بولٍ او ان نتسنجی بالیمین او ان نستنجی بِأقَلَّ من ثلاثةِ احجار او أن نستنجِیَ برجیع او عظمٍ رواه مسلم وللسّبعةِ من حدیث ابی ایّوبَ لا تَسْتَقْبِلُوْا القِبْلَةَ بغائطٍ او بولٍ ولا تستدبِرُوها ولکن شرِّقُوا او غرِّبُوا.

ترکیب: ...... لام تاکید قَدْ حرف تحقیق نَھٰی فعل نَا مفعول اول رَسُوْلُ اللّٰـهِ مضاف مضاف الیہ مل کر فاعل اَنْ مصدریہ نَسْتَقْبِلَ فعل نَحْنُ فاعل الْقِبْلَةَ مفعول لام جار غَائِطٍ معطوف علیہ اَوْ عاطفہ بَوْلٍ معطوف معطوف علیہ

معطوف مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل مفعول اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَنْ کی وجہ سے مصدر کی تاویل میں ہو کر معطوف علیہ اَوْ عاطفہ اَنْ مصدریہ نَسْتَنْجِیَ فعل نَحْنُ فاعل بَا جار الْيَمِيْنِ مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَنْ کی وجہ سے مصدر کی تاویل میں ہو کر معطوف اول۔ اَوْ عاطفہ اَنْ مصدریہ نَسْتَنْجِیَ فعل نَحْنُ فاعل بَا جار اَقَلَّ اسم تفضیل کا صیغہ مِنْ جار ثَلَاثَةِ مضاف اَحْجَارٍ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق اسم تفضیل کے۔ اسم تفضیل اپنے هُوَ فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَنْ کی وجہ سے مصدر کی تاویل میں ہو کر معطوف ثانی۔ اَوْ عاطفہ اَنْ مصدریہ نَسْتَنْجِیَ فعل نَحْنُ فاعل بَا جار رَجِيْعٍ معطوف علیہ اَوْ عاطفہ عَظْمٍ معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَنْ کی وجہ سے مصدر کی تاویل میں ہو کر معطوف ثالث۔ معطوف علیہ اپنے تینوں معطوفوں سے مل کر مفعول ثانی نَهٰى کا فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

واو عاطفہ لام جار سَبْعَةِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق كَائِنٌ کے مِنْ جار حَدِيْثِ مضاف اَبِىْ مضاف اَيُّوْبَ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر حدیث مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق كَائِنٌ کے كَائِنٌ اپنے دونوں متعلقوں سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم۔ (لَا تَسْتَقْبِلُوْا الْقِبْلَةَ بِغَائِطٍ اَوْ بَوْلٍ وَلَا تَسْتَدْبِرُوْهَا اِلٰى اٰخِرِهٖ) کے الفاظ مبتدا

مؤخر۔ خبر مقدم مبتدأ مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

اب ان الفاظ کی ترکیب:

لَا تَسْتَقْبِلُوْا فعل نہی انتم فاعل الْقِبْلَةَ مفعول با جار غَائِطٍ معطوف علیہ اَوْ عاطفہ بَوْلٍ معطوف۔ معطوف علیہ معطوف مل کر مجرور جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔ واو عاطفہ لَا تَسْتَدْبِرُوْهَا فعل نہی اَنْتُمْ فاعل هَا مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

واو عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک شَرِّقُوْا فعل اَنْتُمْ فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ أَوْ عاطفہ غَرِّبُوْا فعل اَنْتُمْ فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف معطوف علیہ معطوف مل کر جملہ معطوفہ۔

فائدہ :...... اَقَلُّ: واحد مذکر اسم تفضیل قَلَّ يَقِلُّ (ض) مضاعف ثلاثی۔ اصل میں تھا اَقْلَلُ پہلے لام کا فتحہ نقل کر کے قاف کو دیا پھر لام کو لام میں ادغام کر دیا۔

اعتراض:...... بِاَقَلَّ: جری حالت ہے کسرہ کیوں نہیں آیا؟

جواب :...... یہ غیر منصرف ہے ایک سبب وصف ہے دوسرا وزن فعل۔ ہر اسم تفضیل میں یہ دو سبب ہوتے ہیں یعنی وصف اور وزن فعل۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۹

ان النبی صلّی اللّٰہ علیہ وسلم قال مَنْ اتی الْغَآئِطَ فَلْيَستَتِر رواہ ابو داؤد.

ترکیب: ...... اَنَّ حرف مشبہ بالفعل النَّبِیَّ اس کا اسم قَالَ فعل ھُوَ فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ھو قول مَنْ اسم شرط مبتدا اَتـی فعل ھُوَ فاعل اَلْغَائِطَ مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر شرط فَا جزائیہ لِیَسْتَتِرْ فعل امر ھُو فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جزا شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہو کر مقولہ۔ قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر أَنَّ کی خبر۔ أَنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۱۰

أَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہ علیہ وسلم کان إِذَا خرج من الغائط قَالَ غفرانَكَ اخرجہَ الخمسة وصححہ ابو حاتمٍ والحاکمُ.

ترکیب: ...... اَنَّ حرف مشبہ بالفعل النَّبِیَّ اس کا اسم کَانَ فعل ناقص ھُوَ پوشیدہ اس کا اسم اِذَا حرف شرط خَرَجَ فعل ھُوَ فاعل مِنَ الغَائِطِ جار مجرور متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط قَالَ فعل ھُوَ فاعل فعل فاعل مل کر قول۔ غُفْرَانَكَ پوشیدہ اَسْأَلُ کا مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ۔ قول مقولہ مل کر جزا شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہو کر کَانَ کی خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر أَنَّ کی خبر۔ أَنَّ اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فائدہ: ...... غُفْرَانٌ: مصدر ہے باب غَفَرَ یَغْفِرُ غَفْرًا وَغُفْرَانًا وَمَغْفِرَةً (ض) صحیح

اعتراض:...... غفران پر نصب کیوں ہے؟

جواب:...... یہ فعل پوشیدہ اَطْلُبُ یا اَسْأَلُ کا مفعول ہے۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۱۱

اتی النبیُّ الغائِطَ فامرنی ان اٰتیه بثلاثة احجارٍ فوجدتُ حَجَرینِ ولم اجِدْ ثلاثًا فاتیته بروثةٍ فاخذهما والقی الرَّوثة وقال إنَّها رِکْسٌ وزاد احمد والدار قطنی ائتنی بغیرِها.

ترکیب:...... اَتیٰ فعل النَّبِیُّ فاعل الغَائِطَ مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فَ عاطفہ اَمَرَ فعل ھُوَ فاعل نُ وقایہ کا یٰ متکلم کی مفعول اَنْ مصدریہ اٰتیٰ فعل فاعل ہٗ مفعول بَا جار ثَلاثَةِ مضاف اَحْجَارٍ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل مفعول اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بن کر أَنْ کی وجہ سے مصدر کی تاویل میں ہو کر امر کا مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فَ عاطفہ وَجَدْتُ فعل انا فاعل حَجَرَیْنِ مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ واو عاطفہ لَمْ اَجِدْ فعل فاعل ثَلاثًا مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ فا عاطفہ اَتَیْتُ فعل فاعل ہٗ مفعول بِرَوْثَہ متعلق فعل کے۔ جملہ فعلیہ خبریہ۔ فَ عاطفہ اَخَذَ فعل ھُوَ فاعل ھُمَا مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

واو عاطفہ اَلْقَی فعل ھُوَ فاعل الرَّوثَةَ مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے

مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

واو عاطفہ قَالَ فعل ھُوَ فاعل فعل فاعل مل کر قول اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ھَا اسم رِکْسٌ خبر اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ۔ قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

واو عاطفہ زَادَ فعل اَحْمَدُ معطوف علیہ اَلدَّارُ قُطْنِیُّ معطوف معطوف علیہ معطوف مل کر فاعل (اِئْتِنِیْ بِغَیْرِ ھَا) کے الفاظ مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر:۱۲

إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰه علیه وسلم نَهی ان نستنجِیَ بعظمٍ او رَوْثٍ وقال إِنَّهُمَا لا يُطَهِّرَانِ رواه الدار قطنیُّ و صححه.

ترکیب:...... اِنَّ حرف مشبہ بالفعل رَسُوْلَ اللّٰهِ مضاف مضاف الیہ مل کر اس کا اسم نَهٰی فعل ھُوَ فاعل اَنْ مصدریہ نَسْتَنْجِیَ فعل نَحْنُ فاعل بِا جار عَظْمٍ معطوف علیہ اَوْ عاطفہ رَوْثٍ معطوف معطوف علیہ معطوف مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر اِنَّ اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

واو عاطفہ قَالَ فعل ھُوَ فاعل فعل فاعل مل کر جملہ بن کر قول۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ھُمَا اسم لَا يُطَهِّرَانِ فعل ھُمَا فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ۔ قول مقولہ مل کر فعلیہ خبریہ۔

حدیث نمبر: ۱۳

قال رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلم اسْتَنْزِھوا مِنَ البولِ فَاِنَّ عامَّة عذابِ القبر منه. رواه الدار قطني وللحاكم اكثرُ عذابِ القبرِ من البول وهو صحيح الاسناد.

ترکیب: ...... اِسْتَنْزِھُوْا فعل اَنْتُمْ فاعل مِنْ جار الْبَوْلِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

فَ تعلیلیہ عاطفہ إِنَّ حرف مشبہ بالفعل عَــامَّةَ مضاف عَــذَابِ مضاف الْـقَبْـرِ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر عَــامِّةَ کا مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر اسم مِنْ جارہٗ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق کـائِنَةٌ کے کَـائِنَةٌ اپنے متعلق سے مل کر خبر اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ رَوٰی فعل ہٗ مفعول اَلـدَّارَ قُـطَـنِیُّ فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

لِـلْـحَـاكِـمِ متعلق کَائِنٌ کے ہوکر خبر مقدم (اَكْثَـرُ عَذَابِ الْقَبْرِ مِنَ الْبَوْلِ) کے الفاظ مبتدا مؤخر خبر مقدم مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

ان الفاظ کی ترکیب سنیں:

اَكْثَرُ مضاف عَذَابِ مضاف الْقَبْرِ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر اَكْثَرُ کا مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مبتدا مِــنْ جار الْبَوْلِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق کَائِنٌ کے ہوکر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

واو عاطفہ ھو مبتدا صَحِيْحُ الْاَسْنَادِ مضاف مضاف الیہ مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فائدہ:...... صَحِیْحٌ: صفت مشبہ باب صَحَّ یَصِحُّ (ض) مضاعف ثلاثی۔

☆...... ☆...... ☆

حدیث نمبر: ۱۴

عَلَّمَنَا رسول اللّٰہِ صلَّی اللّٰہ علیہ وسلم فی الخلاء ان نَقْعُدَ علی الیسرٰی وننصب الیُمنی رواہ البیھقیُّ بسندٍ ضعیفٍ.

ترکیب:...... عَلَّمَ فعل نَا مفعول رَسُولُ اللّٰہِ مضاف مضاف الیہ مل کر فاعل فِی الْخَلَاءِ جار مجرور متعلق فعل کے اَنْ مصدریہ نَقْعُدَ فعل نَحْنُ فاعل عَلٰی جار الْیُسْرٰی مجرور۔ جار مجرور مل متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ۔ واو عاطفہ نَنْصِبَ فعل نَحْنُ فاعل الْیُمْنٰی مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ معطوف مل کر اَنْ کی وجہ سے مصدر کی تاویل میں ہو کر مفعول ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فائدہ:...... ضَعِیْفٌ: صفت مشبہ باب ضَعُفَ یَضْعُفُ (ک) صحیح۔

☆...... ☆...... ☆

حدیث نمبر: ۱۵

قال رسول اللّٰہ صلَّی اللّٰہ علیہ وسلم إِذَا بال احدکُمْ فَلْیَنْتُرْ ذکرہ ثلاث مراتٍ رواہ ابن ماجۃ بسند ضعیف.

ترکیب:...... اِذَا حرف شرط بَالَ فعل اَحَدُکُمْ مضاف مضاف الیہ مل کر فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط۔ فَ جزائیہ۔ لِیَنْتُرْ فعل امر ھُوَ

فاعل ذَکَرَہٗ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول۔ ثَلَاثَ مضاف مَرَّاتٍ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول مطلق۔ فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جزاء شرط جزا مل کر جملہ فعلیہ شرطیہ جزائیہ۔

رَوٰی فعل ہٗ مفعول ابْنُ مَاجَةَ مضاف مضاف الیہ مل کر فاعل۔ بـا جار سَنَدٍ۔ موصوف ضَعِیْفٍ صفت موصوف صفت مل کر مجرور جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل مفعول متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۱۶

أَنَّ النَّبِیَّ سأل اھل قبآءٍ فقال انَّ اللّٰہَ یُثنِی علیکُم فقالوا إنَّا نُتبعُ الحجارۃ الماءَ رواہ البزار بسندٍ ضعیفٍ واصلُه فی ابی داود والترمذی وصححه ابن خزیمة من حدیث ابی ھریرہ بدون ذکر الحجارۃ.

ترکیب:

(۱) اَنَّ حرف مشبہ بالفعل النَّبِیَّ اس کا اسم سَأَلَ فعل ھُوَ فاعل اَھْلَ مضاف قُبَـاءٍ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَنَّ کی خبر اپنے اسم خبر۔ سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

(۲) فَ عاطفہ قَالَ فعل ھُوَ فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اللّٰہَ اس کا اسم یُثْنِی فعل ھُوَ فاعل عَلٰی جار کُمْ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر

جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ۔ قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فَ عاطفہ قَالوا فعل هُمْ فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر قول۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل نَا اسم نُتْبِعُ فعل نَحْنُ فاعل الْحِجَارَةَ مفعول اول الْمَاءَ مفعول ثانی۔ فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ إِنَّ اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ۔ قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

رَوَا فعل ہُ مفعول الْبَزَّارُ فاعل با جار سَنَدٍ موصوف ضَعِيْفٍ صفت موصوف صفت مل کر مجرور جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل، مفعول اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

واو عاطفہ صَحَّحَ فعل ہُ مفعول ابْنُ مضاف خُزَيْمَةَ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر فاعل مِنْ جار حَدِيْثِ مضاف اَبِیْ مضاف هُرَيْرَةَ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر حَدِيْثِ کا مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مِنْ جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر فعل متعلق کے۔ با جار دُوْن مضاف ذِكْرِ مضاف الْحِجَارَةِ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر دُوْن کا مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر بَا جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول اور دونوں متعلقوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

☆......☆......☆

بَابُ الغُسلِ وَحُكمِ الجُنُبِ

بَابُ مضاف الغُسْلِ معطوف علیہ واو عاطفہ حُکْمِ مضاف الْجُنُبِ مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ مل کر معطوف معطوف علیہ معطوف مل کر بَابُ کا مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر پوشیدہ ھٰذَا مبتدا کی خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

حدیث نمبر: ۱

قال رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلم الماءُ من الماء رواہ مسلم واصلهٗ فی البخاری.

ترکیب:...... قَالَ فعل رَسُوْلُ مضاف لفظ اللّٰہِ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر قَالَ کا فاعل۔ فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول۔ الْمَاءُ مبتدا۔ مِنْ جار الْمَاءِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق کَائِنٌ پوشیدہ اسم فاعل کے۔ اسم فاعل اپنے هُوَ فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ۔ قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فائدہ:...... مَاءٌ: اسم جنس ہے اس کی جمع مِیَاہٌ آتی ہے۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۲

قال رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلم إِذَا جلس احدُكُمْ بينَ شُعَبِهَا الاربعِ ثُمَّ جَهَدَهَا فقد وجب الغُسْلُ متفق عليه وزاد مسلم وَإِنْ لم يُنزِل.

ترکیب:...... قَالَ فعل رَسُوْلُ اللّٰہِ مضاف مضاف الیہ مل کر فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول۔ اِذَا حرف شرط جَلَسَ فعل اَحَدُ مضاف کُمْ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر فاعل بَیْنَ مضافُ شُعَبِ مضاف ھَا مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر موصوف۔ الْاَرْبَعِ صفت موصوف صفت مل کر مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر ظرف جَلَسَ کی فعل اپنے فاعل اور ظرف سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ جَھَدَ فعل ھُوَ فاعل ھَا مفعول۔ فعل فاعل اور مفعول مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ معطوف مل کر شرط فَ جزائیہ قَدْ حرف تحقیق وَجَبَ فعل الْغُسْلُ فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہو کر قول کا مقولہ قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ واو عاطفہ زَادَ فعل مُسْلِمٌ فاعل (وَاِنْ لَمْ یُنْزِلْ) کے الفاظ مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فائدہ:...... وَجَبَ۔ واحد مذکر غائب فعل ماضی۔ معلوم باب وَجَبَ یَجِبُ (ض) ہفت اقسام سے مثال واوی۔ زَادَ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف باب زَادَ یَزِیْدُ (ض) اجوف یائی۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر:۳۰

عن ام سلمة أَنَّ أُمَّ سليم وهي أمرأةُ ابى طلحة قالت يا رسول اللّٰه صلَّى اللّٰه عليه وسلم إِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِي من الحقِّ فهل على المرأةِ مِنْ غُسْلٍ اذا احتلَمتْ قال نعم اذا رأت الماءَ الحديث متفق عليه.

ترکیب: ...... عَنْ جار اُمِّ مضاف سَلَمَۃَ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور مل متعلق رُوِیَ کے اَنَّ حرف مشبہ بالفعل أُمَّ مضاف سُلَیْمٍ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر اسم واو اعتراضیہ ھِیَ مبتدا اِمْرَأَۃُ مضاف اَبِیْ مضاف طَلْحَۃَ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر اِمْرَأَۃ کا مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ۔ قَالَتْ فعل ھِیَ فاعل فعل فاعل مل کر قول۔ یَا قائم مقام أَدْعُوْ کے أَدْعُوْ فعل اَنَا فاعل رَسُوْلَ اللّٰہِ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر ندا اِنَّ حرف مشبہ بالفعل لفظ اللّٰہَ اس کا اسم لا یَسْتَحْیِ فعل ھُوَ فاعل مِنَ الْحَقِّ جار مجرور۔ متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب ندا ندا جواب ندا مل کر جملہ ندائیہ ہو کر مقولہ۔ قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر اِنَّ اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔ فَا عاطفہ ھَلْ استفہامیہ عَلَی الْمَرْأَۃِ جار مجرور مل کر متعلق پوشیدہ اسم فاعل کَائِنٌ کے اِذَا ظرفیہ مضاف اِحْتَلَمَتْ فعل ھِیَ فاعل فعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر کَائِنٌ کی ظرف کَائِنٌ اسم فاعل اپنے ھُوَ فاعل متعلق اور ظرف سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم مِنْ جار الْغُسْلِ مجرور جار مجرور مل کر متعلق کَائِنٌ پوشیدہ کے کَائِنٌ اسم فاعل اپنے ھُوَ فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر مبتدا مؤخر خبر مقدم مبتدا مؤخر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ۔ قَالَ فعل ھُوَ فاعل۔ فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول۔ نَعَمْ قائم مقام (عَلَیْھَا الْغُسْلُ) کے عَلَیْ جار ھَا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق کَائِنٌ اسم فاعل کے اِذَا ظرفیہ مضاف رَأَتْ فعل ھِیَ فاعل الْمَاءَ مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو

کر مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر ظرف اسم فاعل کی کَائِنٌ اسم فاعل کا صیغہ اپنے هُوَ فاعل اور ظرف سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم ہے الْغُسْلُ مبتدا مؤخر، خبر مقدم مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فائدہ :...... لَا يَسْتَحْيِيْ: واحد مذکر غائب فعل نفی معلوم باب اِسْتَحْيَا يَسْتَحْيِي اِسْتِحْيَاءً۔ (استفعال) لفیف مقرون رَأَتْ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معروف باب رَاٰى يَرٰى (ف) مهموز العین اور ناقص یائی۔

☆...... ☆...... ☆

حدیث نمبر: ۴

عن انس قال (قال رسول اللّٰه صلّی اللّٰه علیه وسلم في الْمرأةِ ترىٰ فِي مَنَامِهَا ما يرى الرجل قال تغتسل) متفق عليه. وزاد مسلم (فقالت ام سلمة وهل يكون هذا قال نعم فمن اين يكون الشَّبَهُ.)

ترکیب:...... قَالَ فعل رَسُوْلُ اللّٰهِ فاعل فِيْ جار الْمَرْأَةِ مجرور جار مجرور متعلق قَالَ کے پھر قول تَرٰى فعل هِيَ فاعل مَا موصولہ يَرٰى فعل الرَّجُلُ فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ موصول صلہ مل کر مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ۔ قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

قَالَ فعل هُوَ فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول تَغْتَسِلُ فعل هِيَ فاعل۔ فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ۔ قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

واو عاطفہ زَادَ فعل مُسْلِمٌ فاعل (فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ وَهَلْ يَكُوْنُ هَذَا قَالَ نَعَمْ فَمِنْ اَيْنَ يَكُوْنُ الشَّبَهُ) کے الفاظ مفعول فعل فاعل مفعول

مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ اب (فَقَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ ...... فَمِنْ اَنْ يَكُوْنَ الشَّبَهُ) کی ترکیب۔

فَ عاطفہ قَالَتْ فعل اُمُّ مضاف سَلَمَةَ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر قَالَتْ کا فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو قول۔ واو عاطفہ هَلْ استفہامیہ يَكُوْنُ فعل تام هَا اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر پوشیدہ جملے کا معطوف معطوف علیہ معطوف مل کر مقولہ قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ قَالَ فعل هُوَ فاعل فعل فاعل مل کر قول۔ نَعَمْ قائم مقام (يَكُوْنُ هٰذَا) کے يَكُوْنُ فعل تام هٰذَا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ۔ فَا عاطفہ مِنْ اَيْنَ جار مجرور متعلق يَكُوْنُ کے۔ يَكُوْنُ فعل تام الشَّبَهُ فاعل فعل تام اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف معطوف علیہ معطوف مل کر مقول قولہ مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فائدہ :...... تَرٰى۔ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معروف باب رَأٰى يَرٰى (ف) ناقص یائی مہموز العین اصل میں تَرْءَ یُ تھا۔ ہمزہ متحرک ماقبل صحیح ساکن ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر ہمزہ کو گرادیا بن گیا تَرَیُ یا متحرک ماقبل مفتوح یا کو الف کیا بن گیا تَرٰى .

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۵

كان رسول الله صلّى الله عليه وسلم يغتسل من اربع من الجنابةِ ويوم الجمعةِ ومن الحجامة ومن غسل الميّتِ رواه ابو داود وصححه ابن خزيمة.

ترکیب:...... كَانَ فعل ناقص رَسُوْلُ مضاف لفظ اللہ مضاف الیہ مضاف

مضاف الیہ مل کر اسم یَغْتَسِلُ فعل هُوَ فاعل مِنْ جار اَرْبَعٍ مجرور۔ جار مجرور جار مل کر مبدل منہ مِنْ جار الْجَنَابَةِ معطوف علیہ واو عاطفہ یَوْمِ مضاف الْجُمُعَةِ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر معطوف معطوف علیہ معطوف مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر معطوف علیہ۔ واو عاطفہ مِنْ جار الْحِجَامَةِ مجرور۔ جار مجرور مل کر معطوف اول واو عاطفہ مِنْ جار غُسْلِ مضاف الْمَيِّتِ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر معطوف ثانی۔ معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں سے مل کر بدل مبدل منہ بدل مل کر متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر کَانَ کی خبر کان اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ٦

عن ابی هریرة رضی اللّٰه عنهُ (فی قِصَّةِ ثمامةَ بن اثالٍ عند ما اسلم وامرهُ النبیُّ ان یغتسل) رواه عبدالرَّزَّاق واصله متفق علیه.

ترکیب:...... عَنْ جار اَبِیْ مضاف هُرَیْرَةَ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق رُوِیَ کے فِیْ جار قِصَّةِ مضاف ثُمَامَةَ موصوف ابْنِ مضاف أُثَالٍ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر صفت موصوف صفت مل کر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر موصوف۔ عِنْدَ ظرف فیہ مضاف مَا مصدریہ اَسْلَمَ فعل هُوَ فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مَا کی وجہ سے مصدر کی تاویل میں ہو کر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر اَلْکَائِنَةِ کی ظرف اَلْکَائِنَةِ اپنی ظرف سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت موصوف صفت مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق رُوِیَ کے۔

نوٹ:...... قِصَّةِ ذوالحال عِنْدَمَا اَسْلَمَ کَائِنَةً کی ظرف ہو کر حال بھی

بن سکتا ہے۔

واو عاطفہ اَمَرَ فعل ہٗ مفعول النَّبِیُّ فاعل اَنْ مصدر یہ یَغْتَسِلَ فعل ھُوَ فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہو کر اَنْ کی وجہ سے مصدر کی تاویل میں ہو کر مفعول ثانی۔ فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر پوشیدہ جملے کا معطوف معطوف علیہ معطوف مل کر رُوِیَ کا نائب فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلقوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۷

ان رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلم قال (غُسلُ یوم الجمعةِ واجبٌ علی کل محتَلِمٍ) اخرجه السَّبعةُ.

ترکیب:...... اَنَّ حرف مشبہ بالفعل رَسُوْلَ مضاف لفظ اللّٰہِ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر اَنَّ کا اسم قَالَ فعل ھُوَ فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہو کر قول۔ غُسْلُ مضاف یَوْمِ مضاف الْجُمُعَةِ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر غُسْل کا مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مبتدا وَاجِبٌ اسم فاعل کا صیغہ ھُوَ اس کا فاعل عَلٰی جار کُلِّ مضاف مُحْتَلِمٍ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق اسم فاعل کے۔ اسم فاعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبر یہ ہو کر مقولہ۔ قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہو کر اَنَّ کی خبر۔ اَنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبر یہ۔

فائدہ:...... وَاجِبٌ: واحد مذکر اسم فاعل باب وَجَبَ یَجِبُ (ض) مثال واوی۔ مُحْتَلِمٌ۔ واحد مذکر اسم فاعل باب اِحْتَلَمَ یَحْتَلِمُ (افتعال) صحیح۔

حدیث نمبر: ۸

قال رسول اللّٰه صلّی اللّٰه علیه وسلم (من تَوضَّأَ یوم الجمعةِ فَبِهَا ونعمت ومن اغتسل فالغُسلُ افضلُ رواه الخمسة وحسَّنه الترمذی.

ترکیب:...... قَالَ فعل رَسُوْلُ مضاف لفظ اللّٰہِ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول۔ مَنْ اسم شرط مبتدا۔ تَوَضَّأَ فعل با فاعل یَوْمَ مضاف الْجُمُعَةِ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر شرط۔ فَبِهَا وَنِعَمَتْ یہاں عبارت محذوف ہے۔فبا الرخصةِ اخذ ونعمت الرخصة هَذه۔ فَا جزائیہ با جار الرُّخْصَةِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق اَخَذَ کے اَخَذَ فعل فاعل اپنے متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واو عاطفہ نِعْمَتْ فعل مدح الرُّخْصَةُ فاعل۔ فعل فاعل مل کر جملہ بن کر خبر مقدم هَذِهِ مخصوص بِالْمَدْحِ مبتدا مؤخر۔ خبر مقدم مبتدا مؤخر مل کر جملہ بن کر معطوف۔ معطوف علیہ معطوف مل کر جزا شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ۔

واو عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا اغْتَسَلَ فعل هُوَ فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر شرط فَا جزائیہ الْغُسْلُ مبتدا اَفْضَلُ خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزا شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ۔

فائدہ:...... اَفْضَلُ: واحد مذکر اسم تفضیل باب فَضُلَ یَفْضُلُ (ك)

ہفت اقسام سے صحیح نَعِمَتْ کو دو طرح پڑھ سکتے ہیں۔
(۱) نِعْمَتْ یہ فعل مدح ہے۔ (۲) نَعِمَتْ فعل ماضی کا صیغہ۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۹

کان النبیُّ صلَّی اللّٰہ علیہ وسلم یُقْرِئُنَا القرآنَ مالم یکن جُنُبًا) رواہ احمد و الخمسة وھذا لفظ الترمذی و صححه و حسنه ابن حبان.

ترکیب:...... کَانَ فعل ناقص النَّبِیُّ اس کا اسم یَقْرَءُ فعل ھُوَ فاعل نَا مفعول اول الْقُرْآنَ مفعول ثانی مَا ظرفیہ مضاف لَمْ یَکُنْ فعل ناقص ھُوَ اس کا اسم جُنُبًا خبر فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر ظرف فعل اپنے فاعل دونوں مفعولوں اور ظرف سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر فعل ناقص اپنے اسم اور خبر مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فائدہ:...... قُرْآنٌ مصدر باب قَرَأَ یَقْرَأُ (ف) مہموز اللام۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۱۰

قال رسول اللّٰہ صلَّی اللّٰہ علیہ وسلم (إِذَا اتی احدُکُمْ اھلَهُ، ثُمَّ اراد ان یعود فلیتوضَّأ بینهما وضوءً ا) رواہ مسلم وزاد الحاکم (فانه أَنشطُ للعَودِ).

ترکیب:...... قَالَ فعل رَسُوْلُ مضاف لفظ اللّٰہ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول۔ اِذَا حرف شرط اَتٰی فعل اَحَدُ مضاف کُمْ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر فاعل اَھْلَ مضاف ہٗ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر

جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ۔ ثُمَّ عاطفہ اَرَادَ فعل هُوَ فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ۔ ثُمَّ عاطفہ اَرَادَ فعل هُوَ فاعل اَنْ مصدریہ یَعُوْدَ فعل هُوَ فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو اَنْ کی وجہ سے مصدر کی تاویل میں ہوکر مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف۔ معطوف علیہ معطوف مل کر شرط فَ جزائیہ لِیَتَوَضَّأْ فعل هُوَ فاعل بَیْنَ مضاف هُمَا مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول فیہ۔ وُضُوْءً امفعول مطلق۔ فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر جزا شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوکر مقولہ۔ قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

زَادَ فعل الْحَاكِمُ فاعل (فَاِنَّهٗ اَنْشَطُ لِلْعَوْدِ) کے الفاظ مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ اب ان الفاظ کی ترکیب:

فَ تعلیلیہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ہٗ اسم اَنْشَطُ اسم تفضیل هُوَ فاعل لام جار عَوْدِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق اسم تفضیل کے اسم تفضیل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہوکر خبر۔ اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ۔

فائدہ :...... عَوْدٌ: مصدر باب عَادَ یَعُوْدُ (ن) اجوف واوی۔ اَنْشَطُ۔ واحد مذکر اسم تفضیل باب نَشِطَ یَنْشَطُ (س) صحیح۔

☆...... ☆...... ☆

حدیث نمبر: ۱۱

وللاربعة عن عائشةَ قالت (كان رسولُ اللّٰه صلَّى اللّٰه عليه وسلم ينامُ وهُوَ جُنُبٌ من غيرِ أَنْ يَمَسَّ ماءً) وهو معلُولٌ.

ترکیب:...... واو عاطفہ لام جار اَرْبَعَةِ مجرور۔ جار مجرور متعلق کَائِنٌ کے عَنْ جار عَائِشَةَ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق کَائِنٌ کے۔ کَائِنٌ اسم فاعل کا

صیغہ اپنے ھُوَ فاعل اور اپنے دونوں متعلقوں سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم آ گے ساری حدیث کے الفاظ مبتدا مؤخر۔ خبر مقدم مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبر یہ۔ اب حدیث کے الفاظ کی ترکیب:

کَانَ فعل ناقص رَسُوْلُ مضاف لفظ اللّٰہِ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر اسم یَنَامُ فعل ھُوَ پوشیدہ ذوالحال واو حالیہ ھُوَ مبتدا۔ جُنُبٌ خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبر یہ ہو کر حال۔ ذوالحال حال مل کر فاعل مِنْ جار غیر مضاف اَنْ مصدر یہ یَمَسَّ فعل ھُوَ فاعل مَاءً مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہو کر اَنْ کی وجہ سے مصدر کی تاویل میں ہو کر مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق یُنَامُ کے۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ۔

فائدہ :...... یَنَامُ: واحد مذکر فعل مضارع معروف باب نَامَ یَنَامُ (س) اجوف واوی۔ یَمَسُّ واحد مذکر غائب فعل مضارع معروف باب مَسَّ یَمَسُّ (س) مضاعف ثلاثی۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۱۲

کان رسول اللّٰہ صلَّی اللّٰہ علیہ وسلم اذا اغتسل من الجنابۃ یبداءُ فیغسلُ یدیہ، ثم یفرغُ بیمینہِ علی شمالہ فیغسلُ فرجہٗ ثم یتوضأُ ثم یاخُذُ المآء فیدخلُ اصابعہٗ فی اصول الشَّعْرِ ثم حفن علی راسہ ثلاثَ حفناتٍ ثم افاض علی سآئرِ جسدِہ ثم غسل رجلیہ. متفق علیہ و اللفظ لمسلم.

ترکیب:...... کَانَ فعل ناقص رَسُوْلُ اللّٰہِ اسم اِذَا حرف شرط اِغْتَسَلَ فعل ھُوَ فاعل مِنْ جار الْجَنَابَۃِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے

فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط۔ یَبْدَأُ فعل ھُوَ فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ فَ عاطفہ یَغْسِلُ فعل فاعل یَدٰی مضاف ہٗ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اول ثُمَّ عاطفہ یُفْرِغُ فعل ھُوَ فاعل بِا جار یَمِیْنِ مضاف ہٖ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے عَلٰی جار شِمَالِ مضاف ہٖ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلقوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی فَ عاطفہ یَغْسِلُ فعل ھُوَ فاعل فَرْجَ مضاف ہٗ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثالث۔ ثُمَّ عاطفہ یَتَوَضَّأُ فعل ھُوَ فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف رابع ثُمَّ عاطفہ یَأْخُذُ فعل ھُوَ فاعل الْمَاءَ مفعول فعل فاعل مفعول مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف خامس فَ عاطفہ یَدْخُلُ فعل ھُوَ فاعل اَصَابِعَ مضاف ہٗ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول فِیْ جار اُصُوْلِ مضاف الشَّعْرِ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل مفعول اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف سادس ثُمَّ عاطفہ حَفَنَ فعل ھُوَ فاعل عَلٰی جار رَأْسِ مضاف ہٖ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق حَفَنَ فعل کے ثَلَاثَ مضاف حَفَنَاتٍ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول۔ فعل اپنے فاعل، متعلق اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف سابع ثُمَّ عاطفہ اَفَاضَ فعل ھُوَ فاعل عَلٰی جار سَائِرِ مضاف جَسَدِ مضاف ہٖ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر سَائِرِ کا مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ

مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل اَفَاضَ کے۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثامن ثُمَّ عاطفہ غَسَلَ فعل ھُوَ فاعل رِجَلِیْ مضاف ہ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف تاسع معطوف علیہ اپنے سارے معطوفوں سے مل کر جزا شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہو کر خبر کَانَ کی۔ فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فائدہ:...... جَنَابَۃٌ۔ مصدر باب جَنَبَ یَجْنِبُ (ن س ض)

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۱۳

ولهما من حديث ميمونة (ثُمَّ افرغ على فرجه وغسله بشماله ثم ضرب بها الارض) وفي روايةٍ (فمسحها بِالتُّرَابِ) وفي آخرهِ (ثم اتيتهُ بالمنديل فردَّهُ) وفيه (وجعل ينفض الماء بيدهِ).

ترکیب:...... واو عاطفہ لام جار ھُمَا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق کَائِنٌ کے مِنْ جار حَدِیْثِ مضاف مَیْمُوْنَۃَ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق کائِنٌ کے کائِنٌ اسم فاعل کا صیغہ اپنے ھُوَ فاعل اور دونوں متعلقوں سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم (ثُمَّ اَفْرَغَ عَلٰی فَرْجِہٖ وَغَسَلَہٗ بِشِمَالِہٖ. ثُمَّ ضَرَبَ بِھَا الْاَرْضَ) کے الفاظ مبتدا مؤخر خبر مقدم مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔ واو عاطفہ فِیْ جار رِوَایَۃٍ مجرور۔ جار مجرور متعلق کَائِنٌ کے کَائِنٌ اپنے متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم (فَمَسَحَھَا بِالتُّرَابِ) کے الفاظ مبتدا مؤخر خبر مقدم مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

واو عاطفہ فِیْ جار اٰخِرِ مضاف ہ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر

مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق کَائِنٌ کے کَائِنٌ اسم فاعل کا صیغہ اپنے ھُوَ فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم۔ (ثُمَّ اَتَیْتُہٗ بِالْمِنْدِیْلِ فَرَدَّہٗ) کے الفاظ مبتدا مؤخر خبر مقدم مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

واو عاطفہ فِیْ جارہ مجرور جار مجرور مل کر متعلق کَائِنٌ کے کَائِنٌ اسم فاعل کا صیغہ اپنے ھُوَ فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم (وَجَعَلَ یَنْفُضُ الْمَاءَ بِیَدِہٖ) کے الفاظ مبتدا مؤخر خبر مقدم مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فائدہ :...... رَدَّ: واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف باب رَدَّ یَرُدُّ (ن) مضاعف ثلاثی رَدَّ اصل میں رَدَدَ بروزن نَصَرَ تھا۔ پہلی دال کا فتحہ گرا کر دوسری دال میں ادغام کر دیا، رَدَّ ہوگا۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۱۴

قلت یا رسول اللّٰہ صلَّی اللّٰہ علیہ وسلم إِنِّیْ امرأۃ اشدُّ شعر رأسی افانقضہٗ لغسل الجنابۃِ وفی روایۃٍ للحیضۃ فقال لا انما یکفیك ان تحثی علی رأسك ثلاث حثیاتٍ رواہ مسلم.

ترکیب:...... قُلْتُ فعل فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول قائم مقام أَدْعُوْ کے أَدْعُوْ فعل اَنَا فاعل رَسُوْلَ اللّٰہِ مضاف مضاف الیہ مل مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر ندا اِنَّ مشبہ بالفعل یْ اسم اِمْرَاَۃٌ موصوف اَشَدُّ فعل فاعل شَعْرَ رَاْسِیْ مضاف الیہ مل کر مفعول فعل فاعل مفعول مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت موصوف مل کر خبر۔ اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جواب ندا ندا ندا مل کر جملہ ندائیہ انشائیہ ہو کر مقولہ۔ قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

ہمزہ استفہامیہ فَ عاطفہ اَنْقُضُ فعل اَنَا فاعل ہٗ مفعول لام جار غُسْلِ الْجَنَابَةِ مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

واو عاطفہ فِيْ جار رِوَايَةٍ مجرور۔ جار مجرور مل کر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم وَلِلْحَيْضَةِ کے الفاظ مبتدا مؤخر خبر مقدم مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فَ عاطفہ قَالَ فعل هُوَ فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول۔ آگے عبارت محذوف ہے۔ (لَا تَنْقُضِيْ شَعْرَ رَاْسِكِ) اب ان الفاظ کی ترکیب سنیں:

نوٹ:...... حافظ عبدالمنان نور پوری حفظہ اللہ فرماتے ہیں:

لا حرف ایجاب قائم مقام لا تنقضی ...... الی اُخرہ۔

لَا تَنْقُضِيْ فعل اَنْتِ فعل شَعْرَ مضاف رَأْسِ مضاف لِكِ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر شَعْر کا مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر مقولہ اول۔ اِنَّمَا کلمہ حصر يَكْفِيْ فعل لِكِ مفعول اَنْ مصدریہ تَحْثِيْ فعل اَنْتِ فاعل عَلٰى رَأْسِكِ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے ثَلَاثَ حَثَيَاتٍ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول مطلق فعل اپنے فاعل اور مفعول سے اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَنْ کی وجہ سے مصدر کی تاویل میں ہو کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ ثانی قول اپنے دونوں مقولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فائدہ:...... تَحْثِيْ واحد مؤنث مخاطب فعل مضارع معروف باب حَثٰی يَحْثِيْ حَثْيًا (ض) ناقص یائی۔ تَحْثِيْ اصل میں تَحْثِيِيْنَ بروزن تَضْرِبِيْنَ تھا یا پر کسرہ دشوار وہ گرا دیا التقاء ساکنین کی وجہ سے پہلی یا گر گئی رہ گیا۔ تَحْثِيْنَ اَنْ ناصبہ نے نون اعرابی گرا دیا باقی رہ گیا تَحْثِيْ اس کا باب حَثَا يَحْثُوْ بھی

بن سکتا ہے۔ اس وقت ہفت اقسام سے ناقص واوی ہوگا اور تَحْشِيْ اصل میں تَحْشُوِيْنَ بروزن تَنْصُرِيْنَ ہوگا۔ الی آخرہ۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۱۵

قال رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلم انی لا اُحِلُّ المسجدَ لحائضٍ ولا جنبٍ رواہ ابو داؤد.

ترکیب:...... قَالَ فعل رَسُوْلُ مضاف اللّٰہِ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول اِنّ حرف مشبہ بالفعل یْ اسم لَا اُحِلُّ فعل اَنَا فاعل الْمَسْجِدَ مفعول لام جار حَائِضٍ معطوف علیہ واو عاطفہ لَا زائدہ جُنُبٍ معطوف معطوف علیہ معطوف مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر فعل کے متعلق۔ فعل اپنے فاعل مفعول اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ۔ قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فائدہ:...... لَا اُحِلُّ: واحد متکلم فعل نفی مضارع معروف باب اَحَلَّ يُحِلُّ (افعال) مضاعف ثلاثی۔ اُحِلُّ اصل میں تھا اُحْلِلُ بروزن اکرم پہلی لام کا کسرہ حا کو دیا پھر پہلی لام کو دوسری لام میں ادغام کر دیا۔ ادغام کرنے کا قانون یہ ہے کہ جب ایک جنس کے دو حرف اکٹھے آ جائیں تو پہلے کو ساکن کرتے ہیں۔ اب پہلے کو ساکن کرنے کے وقت دیکھیں گے کہ پہلے کا ماقبل ساکن ہے یا متحرک اگر پہلے کا (یعنی مدغم کا) ماقبل ساکن ہے تو اس کی حرکت کو ماقبل کو دے کر ساکن کریں گے اگر پہلے کا ماقبل متحرک ہے تو پھر اس کی حرکت گرا کر ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کریں گے۔

حدیث نمبر: ١٦

كنت أَغتِسلُ انا ورسولُ اللّٰه صلَّى اللّٰه عليه وسلم من آناءٍ واحدٍ تختلف ايدينا فيه من الجنابة متفق عليه وزاد ابن حبان وتلتقي ايدينا.

ترکیب:...... كُنْتُ فعل ناقص تُ اسم اغْتَسِلُ فعل اَنَا اس میں مؤکد اَنَا معطوف علیہ واو عاطفہ رَسُوْلُ مضاف اللّٰهِ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر معطوف۔ معطوف علیہ معطوف مل کر تاکید مؤکد تاکید مل کر ذوالحال مِنْ جار اِنَاءٍ موصوف وَاحِدٍ صفت موصوف صفت مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق اَغْتَسِلُ فعل کے تَخْتَلِفُ فعل اَيْدِيْنَا مضاف مضاف الیہ مل کر فاعل فِيْهِ جار مجرور متعلق فعل کے مِنَ الْجَنَابَةِ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلقوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال۔ ذوالحال حال مل کر فاعل فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

واو عاطفہ زَادَ فعل ابْنُ مضاف حِبَّانَ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر فاعل (وَتَلْتَقِيْ أَيْدِيْنَا) کے الفاظ مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فائدہ:...... تَلْتَقِيْ۔ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معروف باب اِلْتَقٰى يَلْتَقِيْ (افتعال) ناقص یائی۔

اعتراض:...... تلتقی واحد ہے اور اس کا فاعل جمع ہے یعنی ایدینا مطابقت کیوں نہیں؟

جواب:...... جب فاعل اسم ظاہر ہو تو فعل ہمیشہ واحد ہوتا ہے فاعل خواہ واحد

ہو یا تثنیہ یا جمع۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر: ۱۷

إِنَّ تحت كلِّ شعرةٍ جنابةً فاغسلوا الشَّعْر وأَنقُوا البَشَرَ لاحمد عن عائشة نحوه وفيه راوٍ مجهولٌ.

ترکیب:...... اِنَّ حرف مشبہ بالفعل تَحْتَ مضاف كُلِّ مضاف شَعْرَةٍ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر تَحْتَ کا مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر پوشیدہ مَوْجُوْدَةٌ کی ظرف ہو کر خبر مقدم جَنَابَةً اسم مؤخر إِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فَ عاطفہ اِغْسِلُوْا فعل اَنْتُمْ فاعل الشَّعْرَ مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

واو عاطفہ اَنْقُوْا فعل اَنْتُمْ فاعل الْبَشَرَ مفعول فعل فاعل اور مفعول مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔ لام جار اَحْمَدَ مجرور۔ جار مجرور كَائِنٌ کے متعلق عَنْ جار عَائِشَةَ مجرور۔ جار مجرور كَائِنٌ کے متعلق كَائِنٌ اپنے دونوں متعلقوں اور هُوَ فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم نَحْوُ مضاف ہٗ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مبتدا مؤخر۔ خبر مقدم مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

واو عاطفہ فِيْهِ جار مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم رَاوٍ موصوف مَجْهُوْلٌ صفت موصوف صفت مل کر مبتدا مؤخر۔ خبر مقدم مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فائدہ:...... رَاوٍ: واحد مذکر اسم فاعل باب رَوٰی يَرْوِيْ (ض) ہفت اقسام سے لفیف مقرون۔ اصل میں رَاوِيٌ تھا۔

☆......☆......☆

بَابُ التیمُّمِ

بَابُ مضاف التَّیَمُّمِ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر پوشیدہ ھٰذَا مبتدا کی خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

حدیث نمبر: ۱

ان النبی صلَّی اللّٰہ علیہ وسلم قال أُعطِیتُ خمسًا لم یُعطَھن احدٌ قبلی نصرت بالرُّعب مسیرۃ شھرٍ وجعلت لی الأرض مسجدًا وطھورًا فایما رجل ادرکتہُ الصَّلَاۃُ فلیصل وذکر الحدیث وفی حدیث حذیفۃَ عِنْدَ مسلمٍ وجعلت تربتھا لنا طھورًا اذا لم نجد الماءَ.

ترکیب: ...... اَنَّ حرف مشبہ بالفعل النَّبِیَّ اس کا اسم قَالَ فعل ھُوَ فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول۔ اُعْطِیْتُ فعل مجہول اور نائب فاعل خَمْسًا موصوف لَمْ یُعْطَ فعل مجہول ھُنَّ مفعول۔ اَحَدٌ نائب فاعل قَبْلِ مضاف یْ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر یُعْطَ کی ظرف۔ فعل مجہول اپنے نائب فاعل مفعول اور ظرف سے مل کر صفت۔ موصوف صفت مل کر مبدل منہ۔ نُصِرْتُ فعل مجہول اور نائب فاعل با جار رُعْبِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ مَسِیْرَۃَ مضاف شَھْرٍ مضاف الیہ۔

مضاف مضاف الیہ مل کر ظرف۔ فعل مجہول اپنے نائب فاعل متعلق اور ظرف سے مل کر معطوف علیہ۔ واو عاطفہ جُعِلَتْ فعل مجہول لام جاری مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ اَلْاَرْضُ نائب فاعل۔ مَسْجِدًا معطوف علیہ۔

واو عاطفہ طَهُوْرًا معطوف۔ معطوف علیہ معطوف مل کر مفعول فعل مجہول اپنے نائب فاعل متعلق اور مفعول سے مل کر معطوف معطوف علیہ معطوف مل کر بدل۔ مبدل منہ بدل مل کر مفعول۔ فعل اپنے نائب فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ۔ قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَنَّ کی خبر۔ اَنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَ تفسیریہ اَیُّ اسم شرط مضاف مَا زائدہ رَجُلٍ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مبتدا اَدْرَكَتْ فعل ہ مفعول اَلصَّلٰوۃُ فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر شرط۔ فَ جزائیہ لِیُصَلِّ فعل هُوَ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جزا۔ شرط و جزا مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ۔

واو عاطفہ ذَكَرَ فعل هُوَ فاعل اَلْحَدِیْثَ مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واو عاطفہ فِیْ حرف جار حَدِیْثِ مضاف حُذَیْفَةَ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق كَائِنٌ کے۔

عِنْدَ مضاف مُسْلِمٍ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر کائنٌ کی ظرف۔ كَائِنٌ اسم فاعل کا صیغہ اپنے هُوَ فاعل اور متعلق سے اور ظرف سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم۔

(وَجُعِلَتْ تُرْبَتُهَا لَنَا طَهُوْرًا اِذَا لَمْ نَجِدِ الْمَاءَ) کے الفاظ مبتدا مؤخر۔ اب ان الفاظ کی ترکیب سنیں:

واو عاطفہ جُعِلَتْ فعل مجہول تُرْبَتُهَا مضاف مضاف الیہ مل کر نائب فاعل۔ لام جار نَا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ طَهُوْرًا صفت مشبہ اِذَا

ظرف مضاف لَمْ نَجِدْ فعل نَحْنُ فاعل۔ الْمَاءَ مفعول۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل ک جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر طَهُوْرًا کی ظرف۔ صفت مشبہ کا صیغہ اپنے هُوَ فاعل اور ظرف سے مل کر شبہ جملہ ہو کر جُعِلَتْ کا مفعول فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور متعلق اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر:۲

وعن علی رَضی اللّٰه عَنْهُ عند احمد وَجُعِلَ التُّرابُ لِیَ طَهُوْرًا.

ترکیب:...... واو عاطفہ عَنْ جار عَلِیٍّ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق پوشیدہ فعل رُوِیَ کے۔ عِنْدَ مضاف اَحْمَدَ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر ظرف رُوِیَ کی۔ واو عاطفہ جُعِلَ فعل مجہول التُّرَابُ نائب فاعل لام جاری مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ طَهُوْرًا مفعول۔ فعل اپنے نائب فاعل مفعول اور ظرف اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف پوشیدہ معطوف علیہ کا معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر پوشیدہ رُوِیَ کا نائب فاعل۔ رُوِیَ فعل مجہول اپنے نائب فاعل ظرف اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

☆......☆......☆

حدیث نمبر:۳

بعثنی النبیُّ صلَّی اللّٰه علیه وسلم فی حاجته فاجنبت فلم اجد الماء فتمرَّغتُ فی الصَّعِیدِ کما تَمَرَّغُ الدَّابَّةُ ثم اتیت النبی فذکرت له ذلك فقال انما کان یکفیك ان تقول بیدیك هکذا ثم ضرب بیدیه الارض ضربةً واحدةً ثم مسح الشِّمال

علی الیمین وظاھر کفَّیهِ ووجههُ واللفظ لمسلمٍ وفی روایةٍ للبخاریّ وضرب بکفَّیهِ الارض ونفخ فیهما ثم مسح بهما وجههٗ و کفَّیهِ.

ترکیب:...... بَعَثَ فعل ن وقایہ ی متکلم مفعول النَّبِیُّ فاعل فِیْ جار حَاجَةِ مضاف ہ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل مفعول اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

